قصیدہ بردہ کی سند: ہمکو خبر دی قصیدہ بردہ کی ابو طاہر نے شیخ احمد نخلی سے انہوں نے محمد بن علا عاملی سے انہوں نے سالم سنہوری سے انہوں نے نجم غیطی سے انہوں نے شیخ الاسلام زکریا سے انہوں نے ابو اسحاق صالحی سے انہوں نے صلاح محمد بن محمد بن حسن شاذلی سے انہوں نے علی بن جابر ہاشمی سے انہوں نے اسکے ناظم شرف الدین بن محمد بن سعید حماد بوصیری رحمۃ اللہ علیہ سے کاتب حروف کہتا ہے یہ ہی بیان سلاسل کا اس رسالہ میں میسر ہوا اور علم حدیث و فقہ وغیرہما کی سند کا ذکر بعد ہوگا۔ فقط والحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً و صلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

سند دلائل الخیرات

قصیدہ بردہ کی سند

دیگر تصنیفات خاندان ولی اللّٰہی جو مشتہر سے مل سکتی ہیں۔ اور جنکا حق طبع فقیر کی ملکیت ہے کوئی تاجر کتب یا صاحب مطبع بلا اجازت تحریری کتب ذیل کے چھاپنے کے مجاز نہیں۔ تھوڑے نفع کو زیادہ تصور فرمائیں اور بجائے فائدہ کے نقصان نہ اٹھائیں۔ ہاں جسقدر جلدیں مطلوب ہوں فقیر سے طلب فرمائیں۔ تاجران کتب کیساتھ خاص رعایت کیجائیگی **فقیر** سید عبدالغنی جعفری کلیمی ولی اللّٰہی نواسہ جانشین حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ و نواسہ و سجادہ نشین حضرت خواجہ شیخ کلیم اللہ شاہجہان آبادی چشتی رحمۃ اللہ علیہ و مالک مطبع احمدی متعلق مدرسہ عزیزی۔ سیلان پریڈ دہلی۔

تصانیف حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب مورث اعلیٰ	
انفاس رحیمیہ فارسی	۳ر
ارشاد رحیمیہ فارسی	۴ر
تصانیف جد امجد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ	
انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ مترجم	عہ
الطاف القدس فارسی معہ ترجمہ اردو	۸ر
اچھا عقیدہ معہ صحیح فی حسن العقیدہ	۱ر
تاویل الاحادیث عربی معہ ترجمہ اردو	۸ر
تفہیمات الٰہیہ عربی و فارسی	۶ر
در الثمین فی مبشرات النبی الامین مترجم	اعہ
سطعات معہ حزب اللطیف فارسی	۲ر
مجموعہ رشاد علی اسم الاسناد عربی	۴ر
فیصلہ وحدۃ الوجود والشہود عربی معہ ترجمہ اردو	۳ر

وصیت نامہ مشرح قاضی صاحب	۲ر
تمہ رسائل انسان العین وغیرہ	۴ر
فیوض الحرمین معہ ترجمہ سطوت الکونین	۱۲ر
ہوامع شرح حزب البحر فارسی	۶ر
ہوامع شرح حزب البحر اردو	۶ر
سر المکتوم فی اسباب تدوین العلوم	۶ر
تصانیف طبیب الامت حضرت مولانا شاہ اہل اللہ صاحب برادر خورد حضرت شاہ صاحب ممدوح رح	
بحار باب فارسی	۴ر
بحار باب اردو	۱۴ر
تکملہ ہندی فارسی در علم طب	۶ر
تکملہ ہندی اردو در علم طب	۲ر
تصانیف جد امجد حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ	
عزیز الاقتباس فی فضائل	
اخیار الناس فارسی معہ ترجمہ اردو	

خلفاء اربعہ و اہلبیت کے فضائل	۳ر
عجالہ نافعہ در اصول حدیث	۲ر
تحقیق الرؤیا مترجم	۳ر
عملیات مجربہ خاندان عزیزیہ	۸ر
کرامات عزیزی ہر سہ حصہ اردو	۶ر
میزان العقائد عربی محشی	۳ر
مجموعہ خمسہ رسائل اردو	۴ر
کتب مطبوعہ غیر جو فرمائش پر ہمسے مل سکتی ہیں بذریعہ کارڈ طلب فرمائیں	
الانصاف معہ ترجمہ کشاف	۱۰ر
شرح رباعیتین	[illegible]
قصیدہ اطیب النغم فی مدح سید العجم	۴ر
قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین فارسی	عار
بستان المحدثین فارسی	۸ر
سر الشہادتین معہ ترجمہ اردو	۲ر
تحفہ اثنا عشریہ فارسی سے الضیاء اردو	للعہ

سواء السبیل کلیمی معہ ترجمہ اردو۔ جد امجد ولی نعمت حضرت خواجہ شیخ کلیم اللہ شاہجہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی بیش بہا تصنیف، ذات و صفات باری تعالیٰ میں عجیب و غریب مضامین اور اسکے ضمن میں متعدد مختلف صوفیانہ معلومات کا خزینہ ہدیہ ایک روپیہ

سید عبدالغنی جعفری سجادہ نشین درگاہ کلیمی درمیان جامع مسجد و لال قلعہ دہلی

دس روپیہ انعام ۔ اُن مہربان کو دیا جائیگا۔ جو سجادہ صاحب سے کتابیں طلب فرمائیں۔ لیکن ڈاکخانہ کی غفلت سے کسی دوسرے شخص کی غلط سلط کتابیں پہنچ جائیں۔ ایسے پارسل کے آنے پر اسکا نمبر اور ڈاکخانہ کا نام ثبوت کیلئے لیکر اُسکے لینے سے انکار کر دیجئے۔ اور فوراً بذریعہ رجسٹری اطلاع دیجئے۔

تحفہ ہندی ۔ در علم ویدک بزبان فارسی معہ ترجمہ اُردو مصنفہ حضرت مولانا شاہ اہل اللہ صاحب برادر خورد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہم اس کتاب میں باکمال مصنف نے یہ خوبی رکھی ہو کہ اُن ہندی دواؤں کے نام معہ افعال و خواص و ماہیت تحریر فرمائے ہیں۔ جنکا پتہ قرابادین میں ہو نہ تحفہ میں۔ اور پھر از سر تا پا جمیع امراض کے نسخے ہندی دواؤں سے ایسے مجرب و مستند لکھے ہیں کہ اُنکے استعمال سے بہت جلد شفا ہو جاتی ہے۔ اور مزید خوبی یہ ہے۔ کہ وہ سب دوائیں کم قیمت اور ہر ایک قصبہ میں بھی مل جاتی ہیں۔ آخر کتاب میں کچھ کشتہ جات اور کیمیات متفرقہ مجربہ کا بیان ہے، جا بجا مبتغی لکھا جاتا ہے کہ ہر شخص بلا امداد حکیم اپنا اور کنبہ کا خود علاج کر سکتا ہے قیمت ۸

تحقیق الرؤیا عربی معہ ترجمہ اُردو۔ از حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ خواب کے متعلق عجیب غریب بحث اسکی دیکھنے اور تحقیق اس شرح و بسط کی ہو کہ آجتک نہ چھپنے ہوئی نہیں فی الواقع ہندوستان میں ایسا مضمون کا پہلا رسالہ ہے۔ اس کی خوبی دیکھنے پر منحصر ہے۔ قیمت تین آنہ

وصیت نامہ حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ معہ شرح قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ وصیت نامے اردو جگہ بھی چھپے ہیں مگر یہ شرح قاضی صاحب جیسے متبحر عالم و فاضل کی قابل دید ہے کیونکہ جو شرح کے اس بعض فقرہ کو سمجھنا ہر ایک کا کام نہیں قیمت ۲

انتباہ

فی سلاسل اولیاء اللہ معہ ترجمہ اردو کتاب کی خوبی تو آپکے مطالعہ سے معلوم کی۔ کہ کیسی ضروری اور مفید تصنیف ہے یہی وجہ ہے کہ جلد ہی دوبارہ طبع کرانیکی ضرورت محسوس ہوئی چونکہ ترجمہ اور طباعت میں زر کثیر صرف ہوا ہے اسلئے صاحبان مطابع اور تاجران کتب مطلع رہیں۔ کہ اس کتاب کے حقوق طبع والد ماجد سید شاہ عبد الغنی صاحب جعفری سجادہ نشین کلیمی کیلئے محفوظ ہیں۔ کوئی صاحب بلا اجازت صریح اسکی طبع کے مجاز نہیں۔ ہاں جتنی جلدیں مطلوب ہوں بہ پتہ ذیل سے طلب فرمائیں تاجران کتب کیساتھ خاص رعایت کیجائیگی پانچ جلدیں یکمشت طلب کرنے پر ایک جلد مفت دیجائیگی۔ المعلن سید صاحبزادہ جعفری خلف الرشید شاہ صاحب موصوف

غنچہ مراد اسلام یعنی سوانح عمری نواب میر صدر الدین حسین خانصاحب کی [illegible]۔ اس کتاب کے مصنف منشی ہاشم حسین صاحب چشتی لکھتے ہیں کہ یہ کتاب ہمارے علمائے بزرگ کو عالم بنا سکھائیگی اسکو پڑھکر نواب اور رؤسا صحیح معنوں میں نواب اور رئیس کہلائینگے قومی ہمدردوں کو اسکا مطالعہ ہمدردی سکھائیگا۔ اتفاق کسے کہتے ہیں اخلاق کیسے ہوتے ہیں۔ ترقی کی کیا صورتیں ہیں ہمارے زوال کے کیا اسباب ہیں۔ یہ سب کچھ اس سوانح عمری سے معلوم ہو جائیگا۔ کاغذ عمدہ چھپائی صاف اور دیدہ زیب کہ بچے اور مستورات تک اپنی علمی لیاقت بڑھا سکیں۔ باوجود ان تمام اوصاف کے قیمت ایک سو بارہ صفحات کی بسبب نفع خلائق صرف چار آنہ

ترانہ کلیمی حصہ اول و دوم۔ حمد و نعت و منقبت میں قوالی کی مشہور غزلوں کا بہترین مجموعہ قابل دید قیمت ایک آنہ۔

خط و کتابت و ترسیل زر بنام سید عبد الغنی جعفری سجادہ نشین کلیمی درمیان جامع مسجد و لال قلعہ دہلی



انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ کا دوسرا حصہ

معہ ترجمہ اردو زیر طبع ہے۔ اِس حصہ کی نسبت اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ یہ اس کتاب کا دوسرا حصہ ہے۔ ناظرین خود اندازہ فرمائیں۔ کہ جب اول حصہ کے مضامین ایسے ضروری اور دلچسپ معلومات کا بیش بہا گنجینہ ہیں۔ تو حصۂ دوم اور بھی اعلیٰ وارفع خزینہ ہوگا۔ پھر جدامجد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف بغرض قابل دید اور لائق شنید ہے قیمت ایک روپیہ۔

فیوض الحرمین معہ ترجمہ اردو **وسعادت کونین**۔ جدامجد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی معرکۃ الآرا تصنیف جسمیں شاہ صاحب موصوف نے بموقع حج مبارک علاوہ واقعات حرمین محترمین کے مسئلہ وحدت الوجود والشہود، تقلید اہل فقہ و اہل حدیث، تصوف و میلاد شریف، تحقیق مذاہب اربعہ و شیعہ اور دیگر اختلافی مسائل کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح مقدس ومطہر سے حل فرماکر تفصیل کیساتھ اس رسالہ میں تحریر فرمایا ہے۔ جو پہلی دفعہ شائع ہوکر ہاتھوں ہاتھ نکل گیا۔ اب شائقین کے مزید اصرار سے عمدہ سفید چکنے کاغذ پر دوبارہ شائع ہوئی ہے۔ قیمت اس گوہر بے بہا کی صرف ۱۲ ار

تفہیمات الٰہیہ انہی شاہ صاحب کی مشہور زمانہ تصنیف جس کا دیگر مصنفین نے موقعہ بموقعہ اپنی تصانیف میں حوالہ دیا ہے۔ جسمیں تصوف الہیات کے حقائق ومعارف کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں۔ نماز، روزہ اور جمیع احکام اسلام کی فلسفیانہ توجیہ اس شان سے کی گئی ہے۔ کہ جو دیکھنے ہی سے تعلق رکھتی ہے۔ یہ کہنا تحصیل حاصل ہے۔ کہ شاہ صاحب دہلی کے مایۂ ناز اور ہندوستان بھر کے استاد العلماء تھے۔ آپکی یہ کتاب ہر علمی گھر اور ہر عالم کی زیر نظر رہنا ضروری ہے کتاب کا زیادہ حصہ عربی اور کچھ فارسی ہے، اردو ترجمہ اسلئے نہیں کیا گیا۔ کہ عوام الناس کی سمجھ سے باہر ہے قیمت جلد اول ۲ر

الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین۔ عربی معہ ترجمہ اردو۔ اس کتاب میں شاہ صاحب ممدوح نے اپنے اور اپنے والد ماجد اور اپنے خاندان کے وہ عجیب وغریب حالات لکھے ہیں۔ جو انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس سے حاصل کئے ہیں۔ ہر مسلمان کے دیکھنے کے قابل کتاب۔ حاشیہ پر عربی میں الہامات حضرت اسحٰق صاحب بھی درج ہیں۔ اس بیش بہا کتاب کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ بہت تھوڑی جلدیں باقی ہیں۔ قیمت بہت کم صرف ا مر

فیصلہ وحدۃ الوجود والشہود عربی معہ ترجمہ اردو جس میں شاہ صاحب نے جواب خط آفندی اسمٰعیل بن عبداللہ الرومی ثم المدنی ما بین اقوال شیخ اکبر قائل وحدۃ الوجود واقوال شیخ مجدد قائل وحدۃ الشہود کی باحسن الوجوہ تطبیق دی ہے۔ ارباب البصیرت سمجھ سکتے ہیں۔ کہ اس معاملہ پر حضرت شاہ صاحب کا فیصلہ کیسا مدلل اور قابل دید ہوگا۔ قیمت [illegible] سید عبدالغنی جعفری سجادہ نشین پھلتی

www.ubqari.org



۷۸۶

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

فیوض الحرمین

از تصانیف حضرت شاہ ولی اللہ صاحب
رحمۃ اللہ علیہ

باہتمام خاص

مولوی محمد اسحاق صدیقی مالک کتبخانہ رحیمیہ [illegible]

www.ubqari.org

شاہ صاحب بڑے کو مبارک بشادمی

مبارک ہو اور آپ کو فضل عز فرمانا

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم انی احمدك واثنی علیك وابوء الیك بالتقصیر
فی الحمد والثناء واستغفرك واستعینك واعلم
لا یغفر الذنوب الا انت ولا یغنینی غیرك فی الشدة
والرخاء واوجه وجهی الیك واسلم نفسی الیك
وصلوتی ومحیای ومماتی تعالیت عن شراکة
الشرکاء واعوذ بك من شرور نفسی ومن سیئات
اعمالی والح علیك فی سوال الهدایة الی احسن الافعال
ومکارم الاعمال واعتقد انه لا یعیننی من ھذا
ولا یهدینی الا الذی فطرنی وفطر الارض
والسماء واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریك له
واشهد ان محمدا عبده ورسوله افضل الرسل
والانبیاء صلی الله علیه وعلیهم وعلی اله واصحابه
ما تناقب الملوان وما اظلت الخضراء واقلت الغبراء
اما بعد فیقول العبد الضعیف ولی الله

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی میں تیری حمد و ثنا کرتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ تیری حمد
ثنا میں قاصر ہوں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تجھی سے
مدد مانگتا ہوں اور خوب جانتا ہوں کہ سوا تیرے کوئی گناہ نہیں
بخشتا اور بغیر تیرے کوئی میری مدد نہیں کر سکتا رنج و راحت
میں تیری ہی طرف متوجہ ہوں اور تجھی کو اپنے تئیں سونپتا
ہوں تیرے ہی واسطے ہے میری سب عبادت اور میری زندگی
اور موت تیرے ہی ہاتھ ہے کوئی تیرا شریک نہیں اور پناہ چاہتا ہوں تجھ سے
اپنے نفس کی برائیوں سے اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اور کمال عجز سے
سوال کرتا ہوں کہ اچھے خصائل اور نیک اعمال کی ہدایت کر اور میرا عقیدہ ہے
کہ کوئی نہیں ہے جو ان سے بچاوے اور بھلائیوں کی ہدایت کرنے والا مگر جس نے مجھے پیدا
کیا اور زمین و آسمان کو بنایا اور گواہی دیتا ہوں کہ سوا اللہ کے اور کوئی معبود
نہیں وحدہ لاشریک ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں
رسولوں میں افضل اور سب نبیوں سے بزرگ اللہ کا درود ان پر اور ان کی آل و اصحاب پر
جب تک رات دن کا آنا جانا رہے اور آسمان سایہ کرے اور زمین اٹھائے اما بعد کہتا ہے بندہ ضعیف ولی اللہ



فیوض الحرمین ۳

بن عبد الرحيم الدهلوي عاملهما الله تعالى
بلطفه وتغشاهما برحمته من اعظم نعم الله
تعالى علي ان وفقني لحج بيته وزيارة نبيه عليه
افضل الصلوة والسلام سنة ثلث واربعين
والتي تليها من القرن الثاني عشر واعظم من هذه
النعمة بكثير ان جعل لي حج الشهود والمعرفة
لا حج الحجب والنكرة وزيارة مبصرة لا زيارة
عمياء فتلك نعمة اعظم عندي من جميع النعم
فاحببت ان اضبط اسرار تلك المشاهدة كما
علمنيه ربي تبارك وتعالى وكما استفدت من روحانية
نبينا صلى الله عليه وسلم لتكون تذكرة لي وتبصرة
لاخواني عسى ان يكون ذلك اداء لبعض ما يجب
علي من شكرها وسميت الرسالة بفيوض الحرمين
حسبنا الله ونعم الوكيل ولا حول ولا قوة الا
بالله العلي العظيم فمن تلك المشاهدات
اني رايت في المنام جماعة كثيرا من اهل الله شطر
منهم اهل الاذكار والاوراد اشتهر قد ظهرت على
قلوبهم الانوار وعلى وجوههم النضارة والجمال
وهم لا يعتقدون وحدة الوجود وشطر منهم
يعتقدون وحدة الوجود ويشتغلون بنوع
من الفكر في سريان الوجود ظهرت على قلوبهم
الخجالة والوجوم في جنب الحق القائم بتدبير العالم
عموما والنفوس خصوصا وعلى وجوههم
سواد وقحول فاختصم الفريقان فقال اهل الاذكار
والاوراد الا ترون هذه الانوار والجمال علينا فهو علامة ان الحكم

ترجمہ اردو فیوض الحرمین

ابن عبد الرحیم دہلوی خدا تعالےٰ دونوں پر اپنی مہربانی فرمائے
اور رحمت کرے کہ اللہ تعالےٰ کی نعمتوں سے سب سے بڑی نعمت یہ ہے
کہ اس نے مجھے توفیق دی حج بیت اللہ و زیارت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی سنہ ۱۱۴۳ ہجری میں اور ایک سو چوالیس میں اور اس نعمت سے
بدرجہا بڑی نعمت یہ ہوئی کہ میرا حج مشاہدہ اور معرفت کے ساتھ ہوا
نہ حجاب اور نا معلومی کے ساتھ اور زیارت بھی زیارت آنکھوں
والوں کی تھی زیارت نابینا کی سی زیارت نہ تھی میرے نزدیک سب
نعمتوں سے بڑی یہ نعمت ہے میں نے چاہا کہ میں لکھ لوں ان
مشاہدوں کے اسرار جیسے مجھے اللہ تبارک و تعالیٰ نے معلوم کرائے ہیں
اور جس طرح مجھے استفاضے پہنچے ہیں روحانیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے انھوں نے استفادہ کیا ہے تاکہ میرے واسطے یادگار اور میرے
بھائیوں کے واسطے باعث بصیرت ہو اس سے امید ہے کہ
کچھ شکر ادا ہو جائے اور اس رسالہ کا نام میں نے
فیوض الحرمین رکھا کافی ہے اللہ ہم کو اور اچھا کارساز ہے
ہمارا اور برائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت اسی سے ہے
ان مشاہدوں سے مشاہدہ اوّل میں نے خواب میں ایک
جماعت کثیر اہل اللہ کی دیکھی انھیں سے ایک فرقہ اہل ذکر و اوراد کا تھا
انکے دلوں پر انوار اور چہرہ پر تروتازگی اور خوبصورتی ظاہر ہوتی تھی
اور وہ وحدۃ الوجود کا عقیدہ نہیں رکھتے تھے اور دوسرا فرقہ وحدۃ الوجود
والوں کا تھا جو ایک طرح کے فکر سریان وجود میں مشغول رہتے تھے
دونوں پر شرمندگی و خجالت اس حق امر سے کہ عالم کی تدبیر
عموما اور نفسوں کی خصوصا حق ہے ان کے چہرے سیاہ
اور سخت سوکھے ہوئے تھے پس دونوں فریق بحث کرنے لگے
اہل ذکر و ورد نے کہا کیا تم کو ہمارے انوار و جمال نظر نہیں
آتا پس ہم تم سے بہت اچھے ہیں ہم ہدایت پر ہیں

وقال اهل وحدة الوجود اليس ان اضمحلال الموجودات
في الوجود الحق امر حق مطابق للواقع
فعلمنا ما جهلتموه فلنا الفضل عليكم فلما
كثر التشاجر بينهم حكموني ورفعوا الي مشاجراتهم
فقمت بين هؤلاء وهؤلاء ثم قلت من العلوم
الصادقة ما تهذب النفس ومنها ما
لا تهذب النفس وذلك لان الله تعالى خلق
النفوس باستعدادات شتى ولكل نفس مشرب
من العلوم الحقة اذا استغرقت فيه تهذبت وصلحت
واذا لم تستغرق فيه لم تهذب ولم تصلح فهذه
المسئلة وان كانت من العلوم الحقة ولكنكم جميعا
ليست هي مشربكم وانما مشربكم التوجه الى
الحقيقة الجامعة بحسب تضرعات الملأ الاعلى اما
اصحاب الانوار فانهم وان جهلوا هذه المسئلة
لكنهم لم يخطئوا مشربهم من الحق فتهذبت
نفوسهم وصلحت وبلغت ما خلقت لاجله من
الكمال واما اصحاب وحدة الوجود فانهم وان
اصابوا في المسئلة لكنهم اخطأوا مشربهم من
الحق لانهم لما سرحوا افكارهم في مرعى السريان ضاع
من ايديهم التعظيم والهيبة والتذلل التي عرفت
بها الملأ الاعلى ربها وورثتها من فوق الافلاك
بحكم الفطرة فامتلأ العالم بمعرفتهم وما
ورثوه منها فلم تتهذب نفوسهم ولم تبلغ
ما خلقت لاجله فانتم ايها القائلون بوحدة
الوجود وسريان الوجود في العالم نطقتم

اور وحدۃ الوجود والوں نے کہا کیا سب موجودات کی ہستی حق
کی ہستی کے آگے نابود ہونی امر حق کے مطابق واقع نہیں
پس ہمیں وہ راز معلوم ہو گیا جس سے تم جاہل رہے
پس ہمکو تم پر فضیلت ہے جب انمیں تنازع بڑھ گیا تو انھوں نے مجھکو منصف
بنایا اور اپنا جھگڑا میرے سامنے پیش کیا پھر میں ان دونوں فرقوں
میں منصف بنا اور کہا کہ بعض علوم صادقہ ایسے ہیں جیسے نفس مہذب
ہوتا ہے اور بعض ایسے ہیں جیسے نفس تہذیب نہیں پاتا اسواسطے
کہ اللہ تعالی نے نفسوں میں طرح طرح کی استعدادیں پیدا
کی ہیں اور علوم حقہ میں سے ہر نفس کا ایک مشرب ہے جب اسمیں
مستغرق ہو جائے تہذیب پاتا ہے اور سنور جاتا ہے اور جو
اسمیں مستغرق نہو تو مہذب نہیں ہوتا ہے اور نہ اصلاح
پاتا ہے سو یہ مسئلہ اگرچہ علوم حقہ میں سے ہے لیکن تم
سب کا یہ مشرب نہیں اور تمھارا مشرب بتضرع در حقیقت جامعہ
کیطرف متوجہ ہوتا ہے موافق تضرع فرشتوں کے سو نور والا فرقہ
اگرچہ اس مسئلہ سے جاہل رہا مگر اپنے مشرب حق کو پہنچ گیا
اور اسکے نفس مہذب ہو گئے اور سنور گئے اور جس کمال
کیواسطے پیدا ہوئے تھے اسکو پہنچ گئے لیکن وحدۃ الوجود والے
اگرچہ مسئلہ کو پہنچ گئے پر اپنے مشرب حق کو نہ پہنچے اسلئے کہ جب
انھوں نے اپنا فکر سریان وجود میں صرف کیا تعظیم و ہیبت شیوہ تھا
سے جاتی رہی جس سے فرشتوں نے اپنے رب کو پہچانا اور وہ وارث ہوئے
اسکے فوق افلاک کے بحکم فطرۃ جس سے عالم انکی معرفت سے پر ہو گیا اور
جو نہ وارث ہوئے اس کے انکے نفس مہذب نہ ہوئے اور نہ وہ
اسکو پہنچے جس کے لئے پیدا ہوئے تھے سو اے
وحدت الوجود اور سریان الوجود فی العالم کے قائلو تم نے ظاہر کر دیا
تمھارے اس راز کو اس عزہ نے جس کے لائق یہ علم نہیں

بهذا السر جزء ليس من شانه هذا العلم واما الجزء الذي مشربه هذا العلم فانه خرس فيكم مستور لا يعلم بهذا السر والاجزاء الفاطنة فيكم وهي العناصر الفلكية فارقى ما يليق بها من الكمال انما الحري بهذا السر من كان ذلك الجزء فيه غضاضة يالم يخالطه النشاة المشتركة ففهموا هذه المسئلة واذعنوا بها ثم قلت وهذا من الاسرار التي اختصني ربي بها احكم بها بينكم فيما اختلفتم فيه فالحمد لله رب العلمين ثم انتبهت

مشهد آخر رايت ببصر روحي ان التدلي هو شئ واحد متصل في ذاته سار في كل العالم كان العالم ستارة فوقه وهو الداخل فيه وفطنت حينئذ بان هذا التدلي اذا توجه اليه العارف وابصره ببصر روحه وفني فيه قوي تاثيره وارشاده وصح له التصرف في الخلق بالحق وهذا التدلي له وجهان فوجه يجئ من الوجود الخارجي وهذا كانه نور منطبع في الواح النفوس يعني بالنور والوجه الثاني يجئ من الوجود الذهني وهذا يتصادق مع الذات وهو الاسم المتدلي ولاجله يقال ان النقشبندية ادرجت النهاية في البداية فمن وصل الى الذات بواسطة هذا التدلي لم يعلم الاختيار والارادة وعلم نفسه مغمورا في بحر لا ساحل له

معرفة عظيمة ادراك الحق المتدلي الى عباده باعظم التدليات ان

و مشاهدة الذات المتدلی

معرفة عظيمة

لیکن وہ جزو جسکا مشرب یہ علم ہے پس وہ تم میں گونگا اور مسخ بندہ ہے اور وہ اس راز کو نہیں جانتا اور تم میں عناصر فلکیہ جو اجزاء فاطنہ اس کمال کے ہیں بالکل نہیں اس بھید کے لئے وہ شخص لائق ہے جسمیں یہ جز بہت راسخ ہو اور اس کو نشا نکر دیں پس ظہور رات گھیر لینے والے پس وہ دونوں فریق سمجھ گئے اور یقین کر لیا پھر میں نے کہا اللہ نے مجھکو خاص کیا اس اسرار سے جس میں تمھارا اختلاف تھا اس میں میں نے منصفی کر دی والحمد للہ رب العالمین پھر میری آنکھ کھل گئی

مشہد میں نے اپنی روح کی آنکھ سے تدلی کو دیکھا کہ وہ ایک شئی واحد متصل فی ذاتہ تمام عالم میں سرایت کی ہوئی ہے گویا عالم اس پر پردہ اور وہ بیچ میں ہے اس وقت میں نے جانا کہ وہ تدلی ہے کہ عارف جب اس کی طرف متوجہ ہو اور اپنی روح کی آنکھ سے اسکو دیکھے اور اسمیں فنا ہو جائے تو اسکے ارشاد کی تاثیر قوی ہوتی ہے اور اسکا تصرف خلقت میں حق طور پر صحیح ہوتا ہے اور اس تدلی کی دو جہتیں ہیں۔ ایک وجود خارجی کیطرف سو یہ ایک نور منطبع ہے الواح نفوس میں اسکا نام نور ہے اور دوسری جہت وجود ذہنی کی طرف ہے یہ ذات کیساتھ صادق آتی ہے سو یہ اسم اور تدلی ہے۔ نقشبندیہ اسی لئے کہتے ہیں کہ ہم نے نہایت کو بدایت میں درج کیا ہے جو شخص اس تدلی کے وسیلہ سے واصل بذات ہوتا ہے نہیں جانتا سوا اختیار اور ارادہ کے اور اپنے تئیں ڈوبا ہوا جانتا ہے ایک دریائے ناپیدا کنار میں۔ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ

معرفتہ عظیمہ خدا تعالے کا ادراک جو اپنے بندوں پر اعظم تدلیات کے ساتھ متدلی ہے۔ اگر

[illegible]

كان يبصر الروح فهو من مقامات الكمل وان كان يعلم الروح فهو مما يشترك فيه العوام وكذا استماع كلامه ان كان يسمع الروح فهو من مقامات الكمل وان كان يعلم الروح فهو مما يشترك فيه العوام

تحقيق شريف اعلم ان النفس الناطقة بصرا وسمعا ولسانا غير هذه الجوارح المحسوسة وتحقيق ذلك ان ههنا لطيفتين احديهما القيومية الالهية المتعلقة بالبدن الحالة فيه مع قطع النظر عن النسمة ولها في معرفة الاشياء وجهان ان تفيض عليها صورة مجردة من مبدا الصور وهو العلم وان تفضي الى شيء من الاشياء وتتصل به وهذا الاتصال اذا اعتبر بالانكشاف البصري يسمى بصرا واذا اعتبر بالانكشاف السمعي يسمى سمعا واذا اعتبر بانكشاف العلوم بالافادة والاستفادة يسمى كلاما فمن هذا الوجه يرى الفرد ربه عز وجل ومن هذا الوجه يلهم ويكلم من الله ومن ارواح الافلاك والملائكة وعلى ارواح من مضى من الصالحين وكلما ينزل لون من رؤية الروح ربها الى النسمة ومن النسمة الى جارحة البصر فيتمثل هيئة متصلة فيقول الفرد رايت ربي وهو صادق فيما قال ومن هذا الباب ما ادعاه ابن عباس رضي الله عنهما مرفوعا

روح کی آنکھ سے ہے تو یہ کاملوں کا مقام ہے اور اگر روح کے علم سے ہے تو اسمیں عام بھی شریک ہیں اور اسی طرح اس کا کلام سن لینا اگر روح کے کان سے ہے تو وہ مقام کاملوں کا ہے اور جو روح کے علم سے ہے تو اسمیں عام بھی داخل ہیں

تحقیق شریف جاننا چاہیے کہ نفس ناطقہ کیواسطے سوا ان جوارح محسوسہ کے آنکھ اور کان اور زبان ہے اسکی تحقیق یوں ہے کہ اس جگہ دو لطیفے ہیں ایک تو قیومیہ الٰہیہ جو بدن سے متعلق ہے اور اسمیں حلول کیے ہوئے ہے روح سے قطع نظر سو معرفت اشیاء میں اسکی دو قسمیں ہیں ایک تو یہ مبدء صور سے کوئی صورت مجردہ اسپر افاضہ ہو یہ تو علم ہے دوسرے یہ کہ کسی شئے کا اشیاء میں سے افاضہ ہوے اور اس سے متصل ہو جاوے اور یہ اتصال اگر انکشاف بصری اعتبار کیا جاوے تو اسکو بصر کہیں گے اور اگر انکشاف سمعی اعتبار کیا جاوے تو اس کا نام سمع ہے اور اگر انکشاف العلوم بالافادہ والاستفادہ اعتبار کریں گے تو کلام ہے سو اسی جہت سے فرد اپنے پروردگار بزرگ و برتر کو دیکھتا ہے اور اسی سے الہام کیا جاتا ہے اور اسی سے اللہ سے باتیں کرتا ہے اور ارواح افلاک اور فرشتوں سے اور جو نیک لوگ گذر گئے ہوں انکی ارواح سے باتیں کرتا ہے اور کبھی روح کو جو اپنے رب کو دیکھتی ہے اس سے نسمہ پر ایک لون نازل ہوتا ہے اور نسمہ سے چشم بصر پر وہ لون ایک ہیئت متصلہ بن جاتا ہے اسوقت فرد کہنے لگتا ہے کہ میں نے اپنی آنکھ سے اپنے خدا کو دیکھا اور سچ ہے اسکا کہنا اور اسی قبیل سے ہے وہ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب

روح کی روحانی دنیا ابلیس مجسم اور کہاں ہوتا ہے

روح کا نیک ارواح سے ملاقات کرنا لون بمعنی رنگ ۱۲

النبی صلی الله علیه وسلم ربه ومن هذا الباب
كلام موسی علیه السلام واتصلت یوما بروح
الشمس ورأیتها وسمعت منها فقلت عجبا
لك ترین الناس یستضیؤا منك ثم استفادوا
منك الغلبة والظهور علی اطوار شتی ثم انهم
ینكرون علیك ویزورونك وانت لا تنقمین منهم
ولا تغضبین علیهم قالت الیس ان تكبرهم وتبجحهم
بانفسهم متشعبة من ابتهاجی بنفسی فانا
فی كل ذلك لا التفت الی صورة التكبر وانما
التفت الی حقیقة الابتهاج وانما الكل ابتهاج
بنفسی فهل یجوز لاحد ان یغضب علی كمال
نفسه وینتقم من نفسه ثم افضی الی الی
الشمس فرأیتها فیاضا بالطبع والجبلة وكذا
كل فلك ورأیت ارواح الافلاك ملتئمة
ومتوفقة فی علومها وهممها **زیادة
ایضاح** ان شئت تحقیق حقیقة هذا
الوجدان فاصغ لما القی الیك اعلم ان علم
النفس الناطقة اعنی بها نورا بسیطا هو تقلید
القیومیة الجسد واحد وتنزل الطبیعة
الكلیة التی هی النقطة الفعالة فی الخارج
بصورة خاصة بمعلوم ای معلوم كان انما یكون
عندنا باتحاد المدرك والمدرك ثم ادراكها
اما ان یكون لنشأة كلیة تشمل النفس
او تشمل جسدها كالصورة الانسانیة
او الحیوانیة او الارض والماء وسائر العناصر او القوة

کو دیکھا اور اسی قبیل سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کلام کرنا :
اور ایک روز میں روح آفتاب سے متصل ہوا میں نے اسے دیکھا
اور اس سے سنا میں نے کہا بڑا تعجب ہے کہ جو لوگ تجھ سے روشنی طلب
کرتے ہیں اور فائدے اٹھاتے ہیں تیرا غلبہ اور ظہور طرح طرح سے
دیکھتے ہیں پھر تیرے منکر ہیں اور تجھ سے مقابلہ کرتے ہیں اور
تو کسی سے انتقام لیتا ہے نہ کسی پر غصہ ہوتا ہے تو اس
نے کہا کیا ان کا تکبر اور ان کی اپنے نفسوں سے
خوشی میری جان کی خوشی کا شعبہ نہیں ہے میں ان سب
حالتوں میں صورت تکبر کی طرف کچھ التفات نہیں کرتا اور یہی
التفات شادمانی کی حقیقت کی طرف ہے اور یہ سب خوشیاں
میرے ہی نفس کی شادمانی ہیں تو پھر کیا کوئی اپنے کمال نفس
پر غصہ ہوا کرتا ہے یا انتقام اس سے لیتا ہے پھر جب یہ امر ہو چکا۔
میں نے اسے دیکھا کہ وہ بالطبع والجبلی فیاض ہے اور اسی
طرح تمام افلاک اور میں نے دیکھا کہ ارواح افلاک متوافق اور
ملے ہوئے ہیں اپنے علموں اور ہمتوں میں **زیادہ ایضاح** اگر
تو چاہے اس وجدان کی حقیقت دریافت کرنا تو سن جو میں کہوں
جان کہ نفس ناطقہ کا علم جس سے مراد نور بسیط
ہے وہ مقید ہوتا ہے قیومیت کا ایک جسم
واحد کے لئے اور تنزل طبیعت کلیہ کا کہ وہ
ایک نقطہ فعالہ ہے خارج میں کسی معلوم خاص
کی صورت میں گو کوئی معلوم ہو ہمارے نزدیک
مدرک اور مدرک کا ایک ہونا ہے۔
پھر اس کا ادراک یا واسطے نشأ کلیہ کے ہوگا۔
جو نفس کو شامل ہو یا جسم کو شامل ہوگا جیسے صورت
انسانیہ یا حیوانیہ یا زمین اور پانی اور باقی عناصر یا قدرت

زیادۃ ایضاح

www.ubqari.org

الشمسية والقمرية واما ان يكون لشيء خاص
قسيم لهذه النفس الدراكة مثل ادراك نفس
زيد نفس عمرو فان كان الاول فصفة ادراك
النفس لتلك الحقيقة ان تنجر الى نقطة هي بازاء
تلك الحقيقة الشاملة في النفس فتبقى بها وتفنى
عن غيرها فتنحفظ هذه النقطة بنفسها
وتنجلي لها جميع احكام تلك الحقيقة تجليا ذوقيا
تحقيقيا فهذا معنى قولنا نتحد المدرك والمدرك
في هذه الصورة وان كان الامر الثاني فصفة
ادراك النفس لتلك الحقيقة القسيمة لها ان
تجتمع معها في حضرة من حضرات الطبيعة الكلية
فتغلب نفس على نفس اما من جهة الجزء الغالب
على هذه النفس والقوة المستتبعة لغيرها
من القوى او من جهة اكثر القوى على غيرها اذا
لم يكن هذه القوة منفردة وجميع تاثير النفوس
بعضها في بعض انما يكون بالغلبة والمحبة
ولهما ان تتجرد نفس الى قوة مودعة فيها
غالبة او مغلوبة وهذا في الكمل او القوة
الغالبة وهذا في غيرهم وهناك نفس اخرى
فيها تلك القوة لكن ظهور احكامها هناك اقل
واضعف من النفس الاولى فادركت المؤثرة
المؤثرة والمؤثرة للمؤثرة بحاسة تلك القوة
واتصلت هذه بهذه فظهر احكام لم تكن
وربما كانت هذه القوة فيها مستتبعة القوى
الاخرى بحيث انها مضمحلة متلاشية فيها

شمسیہ اور قمریہ اور یا اس کا ادراک کسی ایسی خاص شے کیلئے
ہوگا جو اس نفس دراکہ کے قسیم ہے جیسے زید کا نفس عمرو کے
نفس کو ادراک کرے پس اگر اول ہی تو ادراک نفس کی صفت
کیواسطے اس حقیقت کی یہ ہے کہ تجرد کرے اس نقطہ کیطرف کہ
وہ اس حقیقت شاملہ فی النفس کے مقابل ہے تو باقی رہیگی اسکے ساتھ
اور فانی ہوگی اسکے غیر سے اسوقت وہ نقطہ بنفسہا بیدار ہوگا اور اس حقیقت
کے سب احکام اور تجلی ذوقی تحقیقی طور پر روشن ہوجائینگے۔
اس صورت میں ہمارا یہ قول کہ مدرک اور مدرک ایک ہوجاتے ہیں
ایسی ہی معنی مراد ہیں اور اگر ہوگا امر ثانی تو ادراک کی صفت کیواسطے
اس حقیقت قسیمہ یہاں یہ ہوگی کہ اسکے ساتھ جمع ہو کسی حضرت
میں حضرات طبیعہ کلیہ سے تو غالب ہوگا ایک نفس دوسرے
نفس پر یا اس جزء کی جہت سے جو اس نفس پر غالب ہے اور
اس قوۃ پر جو دوسری قوتوں سے پیروی طلب ہے یا جہت سے اکثر
قوتوں کی اس شرط سے کہ یہ قوۃ منقطع نہو کیونکہ تاثیر ایک نفس کی
دوسرے میں غلبہ سے ہوتی ہے اور محبت سے اور کنہ ان دو وجہوں
کا یہ ہے کہ نفس میں جو ایک قوت امانت ہے غالب یا مغلوب
نفس اسکی طرف یکسو ہوجاوے سو یہ کاملوں میں ہے
یا قوت غالبہ یہ غیر کاملوں میں ہے اور یہاں ایک اور نفس ہے
جس میں یہ قوت ہے لیکن اسکے احکام کا ظہور یہاں بہت
کم اور ضعیف ہوتا ہے پہلے نفس سے پس ادراک کیا مؤثر
نے مؤثر کو اور مؤثر نے مؤثر کو اس قوت کے حس سے اور یہ
اس سے ملگئے تو ظاہر ہوئے وہ احکام جو نہ تھے
اور کبھی یہ قوۃ جو اس نفس میں ہے دوسری قوتوں
سے پیروی طلب ہوتی ہے ایسی کہ مضمحل اور نابود
ہوجاتی ہے اُن میں ـــــــــ

www.ubqari.org

فتنعزل عن احكامها وآثارها وانما يبقى حكم القوة الغالبة فيقال اثرت هذه النفس في تلك النفس وافادتها تلك الكيفية والحق انها ما اكتسبتها من خارج بل صرفت عنان توجها الى جزء منها او قوة مودعة فيها حتى تلاشت احكام سائر القوى والاجزاء فاذن عند الغلبة والاستتباع من هذه في المحبة والتبعية من تلك لا بد من اتحاد النفسين لا مطلقا بل من جهة قوة وجزء ولا في جميع المواطن بل في موطن من مواطن الطبيعة الكلية وهذا معنى قولنا يتحد المدرك والمدرك في هذه الصورة واذا عرفت هذا فاعلم ان لهذه النفس بالنسبة الى تلك حالات واوضاعا احدها الاتحاد والاستغراق فيها والذهول عن غيرها وثانيها ان ترجع كل نفس الى ملاحظة نفسها مغمورة في معنى الاتحاد فتتلون باقتضاء اليها مع انفكاكها وشعور انها ليست هي من جميع الوجوه بل في وجه دون وجه وهذه الحالة تسمى بالرؤية وثالثها ان يغلب سائر الاحكام بحيث يغيب حكم هذه القوة وتصير كالمستترة وحينئذ تظهر لتلك الاحكام صورة ضعيفة بالنسبة الى الاتحاد وبالنسبة الى الرؤية فيكون افضاءها من جهة الغالبة وقبولها من جهة المغلوبة فيقال كلمت نفس زيد نفس عمرو وسمعت

تو معزول ہو جاتی ہے احکام اور آثار سے اور فقط قوۃ غالبہ باقی رہ جاتی ہے اسوقت کہا جاتا ہے کہ اس نفس نے اس نفس میں اثر کیا اور اس کیفیت کا فائدہ پہنچایا اور صحیح یہ ہے کہ اس نفس نے کچھ خارج سے نہیں حاصل کیا بلکہ اپنے ہی جزو کی طرف توجہ کی ہے اور اپنی ہی اس قوۃ کی طرف جو اس میں امانت تھی اسقدر کہ سب قوتوں اور اجزا کے احکام نابود ہو گئے تو اسوقت غلبہ اور استتباع اس طرف سے اور محبت پیروی اس طرف سے ہوئی تو ضرور ہے دو نفسوں کا اتحاد سو مطلق نہیں بلکہ قوۃ اور جزو کی جہت سے اور ہر جگہ نہیں بلکہ طبیعۃ کلیہ کے کسی جائے میں۔ اور اسکے یہی معنی ہیں جو ہم نے کہا مدرک اور مدرک ایک ہو جاتے ہیں اس صورت میں اور جب تم نے یہ جان لیا تو جان لو کہ اس نفس کیواسطے بہ نسبت اسکے حالات اور اوضاع ہیں اول یہ کہ متحد ہونا اور مستغرق ہو جانا اس میں اور اسکے سوا کو بھول جانا دوسرا یہ کہ نفس رجوع ہو طرف ملاحظہ اس کی نفس کے درحالیکہ مستغرق ہو معنی اتحاد میں پس رنگا جاوے بسبب ملجانے کے اس سے باوجود کسی قدر جدا ہونے اور شعور اس بات کے کہ وہی نہیں ہو گیا کل وجہ سے بلکہ کسی وجہ سے اس حال کو رویت کہتے ہیں تیسرا یہ کہ غالب ہو جائیں سب احکام اسی طرح کہ غائب ہو جائے اس قوۃ کا حکم اور یہ قوت چھپ جائے اور اسوقت ظاہر ہوگی ان احکام کے واسطے صورت ضعیف بہ نسبت اتحاد اور بہ نسبت رویت کے تو افضا ہوگا غالبیت کی جہت سے اور قبول کسیقدر مغلوبیت کی جہت سے تو کہیں گے زید کے نفس نے کلام کیا عمرو کے نفس سے اور اس نے اسکا

هذه كلامها ورابعها ان تغيب احكام تلك
القوة غيبوبة اشد من ذلك فلا يبقى الا خيال
طفيف مكتف باحكام اضداد تلك القوة
متميزا عنها فيقال حينئذ حصلت صورة
في الذهن وانتقشت فيه انتقاش الصورة
في المرآة فهنا اربع حالات ولكل حكم فكن من
المتدبرين والثانية اللطيفة النسمية وفيها حاسة
جلية من شانها الاتصال بالفعل فان قيس الى
السمع يسمى ذوقا او الى البصر يسمى بصيرا او الى
الذوق يسمى ذوقا او الى اللمس يسمى لمسا ولعله
الذي يسمى حسا مشتركا ومنه يقع الاحتلام
لكل حاسة فاحتلام البصر روية النقطة الجوالة
دائرة فالدائرة ليست في الخارج انما هو من
احتلام الحس المشترك واحتلام الذوق
ان يرى الانسان شيئا مرغوبا من المذوقات
فتنفصل الريق من اللسان واحتلام اللمس
ان يقرب من الانسان انسان يرغب فيه ولما
يتصل من بدنه ويجد دغدغة في نفسه واحتلام
السمع معرفة وزن النغمات والاشعار فالنسمة
القوية لا يلتفت الى الجوارح الظاهرة بل تلتذ
ببصرها وسمعها وذوقها ولمسها وان شئت
الحق فهذه الحاسة هي التي تتم بها ادراكات الحس
الظاهرة واذا انفكت الارواح من ابدانها ربما
استقلت هذه الحاسة وابدعت من خيال الغرض
موجودات مثالية على حسبها كما يتشكل

لطیفہ نسمیہ

ارواح کا جسم سے جدا ہونا

کلام سننا اور چوتھا یہ کہ اس قوۃ کے احکام بہت شدت
سے غائب ہو جائیں اسکی نسبت ایسی کچھ نہ ہوئی مگر ایک خیال
خفیف مخفوظ اس قوۃ کی ضدوں میں اور اس سے جدا اسوقت
کہیں گے کہ ذہن میں صورت حاصل ہوئی اور منتقش ہو گئے ذہن
میں جیسے آئینہ میں صورت منتقش ہو جاتی ہے تو یہ چار
حال ہوئے اور ہر ایک کیلئے حکم ہے یہ نہایت غور اور سوچنے
کے لائق ہے اور دوسرا لطیفہ نسمیہ ہے اس میں حاسہ
جلیہ ہے وہ فعل سے متصل ہوا کرتا ہے اسوقت اگر کان کا
قیاس کریں کان اگر آنکھ کی طرف قیاس کریں آنکھ کہا جائیگا
یا ذوق کی طرف تو نام اسکا ذوق ہوگا جو لمس کیطرف تو وہ
لمس کہلائیگا اور شاید یہ وہ ہی ہے جو حس مشترک ہے جسے ایسی
حس مشترک سے ہر حاسہ کو احتلام ہوتا ہے آنکھ کا احتلام
کہ وہ نقطہ جوالہ کو دائرہ جانے سو دائرہ کوئی خارج میں ہوتا نہیں
وہ احتلام ہے حس مشترک کا اور زبان کا احتلام یہ کہ کسی مرغوب شے کو
دیکھ کر منہ میں پانی بھر آئے اور قوۃ لامسہ کا احتلام یہ کہ آدمی سے
آدمی قریب ہو اور وہ اس سے رغبت رکھتا ہو اور جب بدن سے
بدن ملے اسکے نفس میں گدگدی ہو اور احتلام کان کا راگ
کے سر اور اشعار کے وزن جانتے پس نسمہ قویہ جو اس ظاہر کے
طرف نہیں التفات کرتا بلکہ حس باصرہ و سامعہ و ذائقہ و لامسہ
سے لذت اٹھاتا ہے اور اگر سچ پوچھے تو اس مشترک سے
تمام حواس ظاہر اور ادراک ان کے پورے ہوتے ہیں
اور جب ارواح اپنے بدن سے جدا ہوتی ہیں
بسا اوقات یہ حاسہ یہ حاسہ مستقل ہوتا ہے اور
خیال غرض سے اپنے موافق موجودات مثالیہ
پیدا کرتے ہیں جیسے جن اور ملائکہ متشکل ہو

الجن والملائكة. **مشهد آخر** رأيت لكل من شعائر الله نورا يعلوه فطنت بحقيقة انما حقيقة النور مناسبة الشئ بالروحانيات وهيئة راسخة فيه هي من اثر الروحانيات فيدرك الانسان من هذه الهيئة بحاسة روحه ادراكا انطباعيا بان ينشرح وينفسح ويزداد مناسبة بالروحانيات والناس اذا توجهوا الى شعائر الله صاروا احزابا حزب انما ينتفع بنيتها وعزيمتها حيث فعلوا هذا الفعل لله باعتقاد ان هذا من شعائر الله وحزب تنفتح حدقة من احداق روحها فتحصر بالنور فتغلب قوته الملكية على البهيمية وحزب تمعن في هذا النور فتدرك التدلى الذى هو اصل هذه الشعائر فيبهت امره.

مشهد عظيم وتحقيق شريف اطلعني الحق تعالى على حقيقة التدلى العظيم الجليل المتوجه الى نوع البشر المراد منه تيسير اقترابهم الى الله المتمثل في عالم المثال المتفسر تارة بالانبياء عامة ونبينا محمد صلى الله تعالى عليه وعليهم اجمعين خاصة وتارة بالكتب الالهية عامة والقرآن العظيم خاصة وتارة بالصلوة وتارة بالكعبة فعرفت هذا التدلى الوحدانى في ذاته المتبرز في برزات كثيرة بحسب المعدات الخارجة اعني اوضاع البشر وعاداتهم

ہوتے ہیں۔ **مشہد آخر** میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کی ہر شعائر عبادت کا نور بلند ہوتا ہے اور میں نے دریافت کی حقیقت اس کی بیشک حقیقت نور کی مناسبت شے کی روحانیات سے اور ایک ہیئت راسخہ ہے اس میں جو روحانیات کی تاثیر سے ہے اس ہیئت سے انسان ادراک کر لیتا ہے روح کے حاسہ سے ایک ادراک انطباعی اس طرح سے کہ خوش ہو جاتا ہے اور مناسبت زیادہ ہوتی ہے روحانیات سے اور شعائر اللہ کیطرف جب لوگ متوجہ ہوتے ہیں تو گروہیں بنجاتے ہیں ایک وہ گروہ ہے کہ اپنی نیت اور عزیمت کے سبب نفع پائے یعنی جو کام کرے اللہ کیواسطے اس اعتقاد سے کہ یہ عبادت شعائر اللہ سے ہے ایک وہ گروہ ہے کہ اسکی روح کی آنکھ کھل جاتی ہے پس وہ نور سے معلوم کرتا ہے اسکی قوۃ ملکیہ غالب آجاتی ہے قوۃ بہیمیہ پر ایک دیگر گروہ ہے جو اس نور میں غور کرے اور ادراک کرے وہ تدلی جو اصل ہے شعائر اللہ کی پس وہ متحیر ہو جائے۔

مشہد عظیم و تحقیق شریف حق تعالے نے مجھے مطلع کیا اس تدلی عظیم و جلیل کی حقیقت پر جو نوع بشر کیطرف متوجہ ہے مراد اس سے اللہ کا قرب آسان ہونا ہے وہ تدلی متمثل ہے عالم مثال میں متفسر ہے کبھی عموماً دوسرے نبیوں اور خصوصاً ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و علیہم اجمعین پر اور کبھی متفسر ہے کتب آسمانی سے عموماً و خصوصاً قرآن عظیم سے اور متفسر ہے نماز اور کبھی کعبہ شریف کے ساتھ پس میں پہچانا اس تدلی وحدانی فی ذاتہ کو کہ ظاہر ہے ظہورات کثیرہ میں موافق معدات خارجیہ یعنی انسان کی وضعوں اور عادتوں کے

والمشاهدة الثالث ۴۳

ومشاهدة الرابع ۴۴

ومركوزا اذهانهم انهم اذا انتقلوا الى البرزخ كانت تلك الاوضاع والعادات والعلوم معهم لا تفارقهم فيعدون في خطيرة القدس لانعقاد صورة مثالية بهذا التدلى الجليل ثم ينزل في العالم الجسماني متى اراد الله وقوعها استعد له العالم بحسب الاوضاع العلوية والسفلية واطلعني على حكمة الانفسار وعلى تميز كل انفسار عن الانفسار الآخر بخاصية لا توجد الا فيه من تلقاء معدات اعدت لذلك فنحن نبين لك ان شاء الله هذه الحقيقة الوحدانية وكيفية انفسارها اعلم ان الشخص الاكبر لما تقرر في الخارج كان اول شئ منه ان عرف ربه واخبت له فكانت في مداركه صورة علمية لها وجهان وجه يحذو حذوه في الشخص الاكبر من الجسم والجسمانيات والروح والروحانيات ووجه يحذو بحذو الوجود الذهني ويصير نفس المعلوم وهذا الوجه الاخير تدلى من تدليات الحق جل وعز وهذا نصيب الشخص الاكبر من معرفة ربه وله مقام معلوم لا يتجاوزه وكل من في جوفه وحيزه فانما نصيبه من معرفة ربه تنزل ما من تنزلات هذا التدلى في منزل مقيد فينزل هنالك بقدر المتجلى له وفيه ويراعى في هذا التنزل احكام الجانبين فهذه معرفة عظيمة عض عليها بنواجذك

اور جو انکے ذہنوں میں مقرر رہتی ہیں یعنی کہ جب برزخ میں جائیں تو وضعیں اور عادتیں اور علوم انکے ساتھ ہوں انسے جدا نہوں آمادہ کریں خطیرۃ القدس میں صورت مثالیہ کے منعقد ہونیکے واسطے اس تدلی جلیل سے پھر عالم جسمانی میں آئیں جب خدا چاہے اور مستعد ہو واسطے اس کے عالم موافق اوضاع علویہ اور سفلیہ کے اور حق تعالے نے مجھے مطلع کیا انفسار کی حکمت پر اور ایک کو دوسرے سے پہچاننے پر اس خصوصیت سے جو اسی میں ہے معدات کی طرف سے جو آمادہ ہیں اسکے لئے ہم بیان کرینگے تجھ سے انشاء اللہ تعالے اس وحدانیہ کی حقیقت اور اسکے انفسار کی کیفیت جان تو کہ شخص اکبر جب مقرر ہوا خارج میں سب سے پہلے اس نے پہچانا اپنے رب کو اور خشوع کیا اس سے تو اس کے مدارک میں صورت علمیہ تھی جسکی دو جہتیں ہیں ــــ ایک اس طرف جو شخص اکبر میں ہے جسم اور جسمانیات اور روح اور روحانیات اور دوسری جہت وجود ذہنی کی طرف جس سے نفس معلوم ہو جائے اور اس جہت آخیر سے تدلی ہے تدلیات حق تعالے سے اور یہ نصیب میں ہے شخص اکبر کے اپنے رب کی معرفت کے سبب اور اس کے لئے مقام معلوم ہے جس سے تجاوز نہیں اور جو کچھ اسکے جوف اور حیز میں ہے پس صرف اس کے نصیب میں اپنے رب کی معرفت سے تنزل ہے تنزلات اس تدلی سے ایک منزل مقید میں پس یہاں نازل ہوتی ہے بقدر متجلی لہ اور فیہ کی اور رعایت کیجاتی ہے اس تنزل میں احکام جانبین کی پس یہ بڑی معرفت ہے اسکو ڈاڑھوں سے پکڑلے

وبالجملة فلما انحاز كل فلك وعنصر بروح ظاهرة او خفية كان اول امر ظهر من احكامه انه عرف ربه واخبت اليه واستمد في ذلك استمدادا جبليا بالشخص الاكبر لانه اصله ومبداء وجوده وتوجه الى الذات فقط كما كان الشخص الاكبر متوجها اليها فقط ولكن اعد الشخص الاكبر والتدلي المنعقد فيه لفيضان صورة خاصة في مداركه وهذا معرفة اخرى ثم لما انحازت المثل وهي التي تدعى بارباب الانواع تعين لكل نوع احكامه متميزة عن احكام نوع اخر وكان ذلك في المثال وكان منها الانسان فتميز من سائر الانواع بقسط من المعرفة ولم يترك سدى واودع فيه الامانة ثم ظهرت الاشخاص البشرية من هذا المثال الانساني على طريقة القسمة الانحصارية كما ان صاحب الموسيقي يتفحص عن نغمات الوتر فيجد كذا وكذا نغمة لا يزيد ولا ينقص ثم يقول لو اناركبنا نغمة بنغمة حصل لنا الابعاد كذا وكذا لا يزيد ولا ينقص كما يعطيه القسمة الحاصرة العقلية ثم يركب الابعاد بعضها ببعض وهلم جرا حتى ينتظم الالحان محصورة في عدد خاص فيحفظها ويعرف لكل حكما وخاصية ووقتا فيظهر لحنا هذا اليوم في تلك الساعة في ذلك المجلس ولحنا آخر في يوم وساعة اخريين وهكذا

غرض جب فلک اور عنصر منحصر بروح ظاہر یا خفیہ کا تو اول اس سے جو امر ظاہر ہوا یہ ہے کہ اس نے اپنے رب کو پہچانا اور اسکے ساتھ خشوع کیا اور مدد چاہی مدد چاہنا طبعی و سرشتی شخص اکبر سے ہے اس لئے کہ وہ اسکی اصل اور مبدء وجود ہے اور متوجہ ہوا طرف ذات کے فقط جس طرح شخص اکبر متوجہ تھا طرف ذات کے فقط لیکن آمادہ کیا شخص اکبر نے اور جو اسمیں تدلی منعقد ہے واسطے فیضان صورت کے ایک خاص ہے اپنے مدارک میں اور یہ معرفت دوسری ہے پھر جب متعین ہوئیں مثالیں جنکو رب النوع کہتے ہیں تو متعین واسطے ہر نوع کے اسکے احکام جو کہ متمیز ہیں دوسرے نوع کے احکام سے اور یہ عالم مثال میں اور ان میں سے انسان ہے سو یہ سب نوعوں سے متمیز ہوا بسبب حصہ پانے معرفت کے اور مہمل نہ چھوڑا گیا اور اس میں امانت رکھی گئی پھر اشخاص بشری ظاہر ہوئی اس مثال انسانی سے تقسیم انحصاریہ کے طور پر جیسا صاحب موسیقی ساز کے تار سے نغمے ڈھونڈتا ہے تو معلوم کرتا ہے کہ یہ نغمہ یوں ہے نہ اس سے زیادہ نہ اس سے کم پھر کہتا ہے کہ ہم اگر مرکب کریں اس نغمہ کو اس نغمہ سے تو ابعاد حاصل ہونگے ایسے ایسے نہ زیادہ نہ کم جیسا کہ معلوم کیا تقسیم حاصرہ عقلیہ سے پھر بعض ابعاد کو بعض ابعاد سے مرکب کرتا جاتا ہے اسی طرح یہاں تک کہ لحن مقرر کر لیتا ہے محصور عدد خاص میں پھر جان جاتا ہے پھر اسے یاد رکھتا ہے اور ہر ایک حکم اور خاصیت اور وقت معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ راگ آج اسوقت اور اس مجلس کا ہے اور دوسرا راگ اس روز اسوقت کا ہے اور

الی غیر النهایة فلو ان عمره امتد الی الابد ما انقضے عجائبه وهی کلها انفسار لما علمه اولا بالقسمة الحاصرة فلما ظهرت الاشخاص البشریة فی عالم الجسم واختلفت استعداداتهم وقواهم منهم الزکی ومنهم الغبی ومنهم صاحب النفس القدسیة وتوجهت الی الله هممهم ونفوسهم وخلاصة بشریتهم فی خطیرة القدس فصاروا هنالك کالامر الواحد یقع علیهم اسم واحد وینتسبون الی مثال واحد هو الانسان الالهی وتتقارب امورهم ومدارکهم تنزل هذا التدلی الاعظم هنالك فصار ذلك فی عالم المثال قدم صدق لهم ومقاما معلوما بالنسبة الیهم ونصیبا لهم من ربهم فکانت النفوس الانسانیة اذا تجردت عن وسخ العادات الحیوانیة والهیأت الغاسقة الجسمانیة قطفت الی هذه الخطیرة فبرق هنالك بارق جلالی ثم یتحدرون وتبقے حائرة کالهیئة لا تدری من این الی این هل للعود حیلة فاقتضے تدبیر الحق ان یتحرك الیهم هذا التدلی وینزل ویتشخص وینفسر حتے یتیسر اقترابهم الیه والصباغة به فانفسر انفسارات بحسب المعدات فکان من تلك الانفسارات النبوة وذلك ان الاشخاص لما اصطحبوا فیما بینهم سخر اهل الکمال الاعقل الاوثق من کان دونه

اسی طرح بے نہایت اگر اس کو عمر ملے تو ابد تک اسکے عجائب تمام نہوں۔ پس اور یہ سب انفسار ہیں جو پہلے جان چکا ہے قسمت حاصرہ سے تو جب ظاہر ہوئے اشخاص بشری عالم جسم میں اور اسکی استعدادیں اور قوتیں مختلف تھیں کہ بعضے ذکی اور بعضے کند ذہن اور بعضے صاحب نفس قدسیہ اور انکی ہمتیں اور نفوس رجوع ہوئے اللہ کی طرف اور انکی خلاصہ بشریت خطیرہ قدس میں تو اس جگہ ایک امر واحد کہ ان پر اسم واحد کا واقع ہوتا ہے اور نسبت کئے جائیں مثال واحد کی طرف وانسان الہی ہے اور باہم قریب ہیں ان کے امورات اور مدارک تنزل کیا تدلی اعظم نے وہاں وہ عالم مثال ہیں اسکے واسطے قدم صدق ہوگیا اور مقام معلوم انکی نسبت اور انکے نصیب انکے رب کیطرف سے تو نفوس انسانیہ جب پاک ہوئے عادات حیوانیہ اور ہیئت غاسقہ جسمانیہ کی کثافت سے تو اٹھا لیے گئے خطیرہ قدس کیطرف اور ایک اجگہ برق جلال چمکی پھر وہ بیخبر ہوگئے اور ایک ایسی حیرت میں رہگئے نہیں معلوم کہ کہاں تھے کہاں ہیں اور پھرنے کی بھی کوئی صورت ہے یا نہیں اسوقت تدبیر حق اسبات کی مقتضی ہوئی کہ یہ تدلی اسکی جانب حرکت کرے اور اترے اور متشخص منفسر ہو جائے یہانتک کہ اسکے قرب آسان ہو جاتا ہے اس سے رنگے جاتے ہیں اسوقت منفسر ہوتے ہیں انفسارات اور موافق معدات کے پس ان انفسارات میں ہوگئے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ اشخاص جب آپس میں ملتے ہیں اور مصاحبت ہوتے ہیں تو جو انہیں بہت کامل اور بڑا عاقل اور واثق ہوتے وہ اپنے کم

www.ubqari.org

في تدبير المنزلي والسياسة المدنية فكانت
ديدان البشر وخلقهم وامرا مركوزا في اذهانهم
فلو عاشوا وجدوا ذلك في صدورهم كار
تفاقات الضرورية الاولية من غير تامل ولو
ماتوا جروا ذلك معهم الى برزخهم ومعادهم
فصار ذلك معدا لانفسار هذا التدلي
بصورة جسمانية هي تقدم شخص انساني
على سائر الاشخاص في صدورهم عزائمه و
نفخت في هذه الصورة الجثمانية روح الهية وظهرت
بركاتها فصارت نبوة ورسالة وانما اعني
هنا من النبوة ما كان على وجه الرياسة
والتقدم والمجادلات والتسخير لا فيضان
العلوم فقط وان استتبع انقيادا منهم
بالتبع ولا النبوة الجامعة الشهيدية كما
كان لسيدنا ونبينا محمد صلى الله عليه
وسلم وكان من تلك الانفسارات الصلوة
وذلك لان كل خلق عند البشر افاعيل
هي شبحه وهيكله في الحس ينضبط السر
المعنوي بذلك الهيكل وينصرف الاحكام من
مدح وهجو اليه فهو الذي يذكر ويخبر عنه
ويشار به الى الخلق وهذا طبيعة البشر و
ديدنهم ومركوز اذهانهم فاصطفى الحق
خلقا من اخلاق البشر وهيئة من هيئات
نفوسهم وصبغا من صبغ ارواحهم
موصورة الصباغ بالمقام المعلوم

رہنے والوں کو تدبیر منزلی و سیاست مدنی میں تو مسخر کر لیتا
ہے ہو جاتی ہے دیدن بشر اور خلق اور ایک امر ذہن میں جما ہوا
اگر یہ زندہ رہیں تو اس کو پائیں اپنے سینوں میں مانند ار
تفاقات ضروریہ اولیہ کے بے تامل اور اگر مر جائیں
تو اسے ساتھ لیجائیں اپنے برزخ اور معاد میں تو یہ امر ہو جاتا ہے
مُعد اس تدلی کی انفسار کیواسطے صورت جسمانیہ میں اور وہ
تقدم انسانی ہے سب اشخاص پر اور اسکا صادر ہونا انکی
رائے سے اور پھونکی جاتی ہے اس صورت جسمانیہ میں روح
الٰہیہ تو ظاہر ہوتی ہیں اسکی برکتیں اور ہو جاتی ہے نبوت
و رسالت اور یہاں میری مراد نبوت سے وہ ہے جو بوجہ
ریاست اور تقدم اور مجادلت اور تسخیر کے ہو نہ فقط فیضان
علوم اگرچہ انقیاد کی انکیں سے بالتبع رغبت کریں اور
نہ میری مراد نبوت جامعہ شہیدیت ہے
جیسے کہ ہمارے سردار اور نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کیواسطے ہے اور ان انفسارات میں سے ایک نماز ہے
اور یہ اس لئے کہ بشر کے ہر خلق کیواسطے فعل ہیں اور وہ
کالبد یعنی جسم ہے محسوس میں اسرار معنوی منضبط ہوتے ہیں
اسکی صورت کیساتھ اور اسی کیطرف احکام مدح و ہجو کے
منصرف ہوتے ہیں اور وہ ہی ذکر کی جاتی ہے اور
اسی کی خبر کہی جاتی ہے اور اشارہ کیا جاتا ہے طرف خلق
کے اور یہی ہے طبیعت اور ردعا بشر اور یہی ذہنوں
میں جما ہوا امر ہے پس حق تعالے چن لیتا ہے
ایک خلق اخلاق بشر سے اور ایک ہیئت ہیأت
نفوس سے اور رنگ انکی روحوں کے رنگوں سے وہ صورت
الصباغ کی ہے مقام معلوم کیساتھ

فی خطیرۃ القدس واعنی بذلک الخلق
والھیئۃ الاحسان والتخشع لربہ والتنظف
عن ھیئات ظلمانیۃ فاسدۃ فھذا خلق موجو
فی حیز امتزاج النفس بالحیوانیۃ لکنہ اشبہ
الاشیاء بالمقام المعلوم الذی لہ فی عالم خطیرۃ
القدس فجعلہ کانہ ھو کما جعل البدن
کانہ النفس ثم اصطفی افعالا واقوالا یکون
تفسیر ذلک الخلق وتنطبق علیہ فجعلھا
کانھا ھو وکان من تلک الانفسارات الکتب
المنزلۃ وذلک لان اشخاص الانسان الھموا
بکتابۃ الکتب وجمع الرسائل لینفعھم فی الازمنۃ
المتطاولۃ والاقطار المتباعدۃ ویبقی نص
صاحب الکتاب غضا طریا ولا یدخلہ غلط فی الروایۃ
بالمعنی ولا نسیان فکثر ذلک فیھم فتحرک ھذا
التدلی بصورۃ اخری خذوا ما عندھم فصادف
الرسول المحتظ بالبوارق المختطفۃ لہ من
البشریۃ الی خطیرۃ القدس خادما لارادۃ
الحق فانعقدت علوم الملاء الاعلی و
مجادلاتھم للبشر فی شبھاتھم الفاسقۃ
ارادۃ رحمۃ ربھم والھام الخیر فی صدو
رھم وحیا متلوا فی مدارک الرسول فانتظم
الکتاب واول کتاب کذلک التوراۃ و
انما قبلہ صحف تشتمل علی علوم فاضت
علی قلب النبی فجمعھا من شاء من الامۃ
وکان من تلک الانفسارات المتنوعۃ ذلک

خطیرۃ القدس میں اور میری مراد اس خلق اور ہیئت سے
احسان اور خشوع اپنے رب کے روبرو اور پاکیزگی ہیئات
ظلمانیہ فاسدہ سے پس یہ خلق امتزاج
نفس بالحیوانیہ کے حیز میں موجود ہے لیکن
وہ بہت مشابہ ہے اس مقام معلوم
سے جو عالم خطیرۃ القدس میں ہے اور اس خلق کو
کر دیا ہے گویا ہو بہو جیسا بدن کو کر دیا ہے گویا کہ وہ
نفس ہے پھر اللہ تعالے نے ان افعال و اقوال کو
چن لیا کہ جو اس خلق کی تفسیر ہوتے ہیں اور اس پر منطبق ہوتے
ہیں پھر اسکو گویا کہ ہو بہو کر دیا اور ان انفسارات میں سے
کتب آسمانی ہیں اور یہ اسلئے کہ اشخاص انسانی کو الہام ہوا
کہ وہ کتابیں لکھیں اور رسالے جمع کریں تاکہ زمانہ دراز تک
نفع دیں اور دور دراز تک نفع پہنچے اور صاحب کتاب کی نص
مضبوطی و استحکام کیساتھ باقی رہے غلطی نہو اور روایت بالمعنی
میں غلطی اور نسیان خلل انداز نہو اور یہ کتابت اہلیں پھیل گئی پھر اس
تدلی نے دوسری صورت میں حرکت سے مقابلہ کیا جو اشخاص
انسانی میں تھا تو پس جو رسول بہرہ یاب انوار الٰہی ہیں اور جو بشریت
سے خطیرۃ قدس کیطرف اٹھا لئے گئے ہیں ارادہ الٰہی کے خادم
ہو گئے پس منعقد ہوئی علوم ملائکہ اور انکا مجادلہ شبہات
فاسقہ میں رحمت رب کے ارادہ سے اور الہام خیر سے
انکے سینہ میں از روئے وحی متلو کے رسول کے مدارک میں
پس منتظم ہو گئے کتاب اور پہلی کتاب اور اسیطرح توریت
اور اس سے پہلے صحیفہ تھی کہ مشتمل تھی ان علموں پر جو نبی کے
قلب میں پہنچی پھر امت میں سے جس نے چاہا
جمع کر لیا اور ان انفسارات میں سے ملت ہے

ان اشخاص البشر الهموا عقد الرسوم فيما بينهم فعقدوا رسوما مدنية ورسوما منزلية ورسوما معاشية ومعاملية وصار ذلك من صميم امرهم دخل في ضروريات علومهم فجعل الله قلب النبي قابلا لانعقاد رسم يعلو من ربه فيه روح الهي وبركة ونور وهو الشرع والملة ومن تلك الانقسارات بيت الله وذلك ان الناس قبل سيدنا ابراهيم توغلوا في بناء المعابد والكنائس فبنوا ابنية على اسم الشمس في وقت يغلب فيه روحانية الشمس وكذلك القمر وسائر الكواكب وزعموا ان من دخل هذه البيوت اقترب بصاحبها والتحق ذلك بالضروريات وصار التوجه الى الامر البسيط ما لم يتعين له جهة وموضع كالامر البعيد فنزل على قلب سيدنا ابراهيم حين وما كان في زمنه واصطفى موضعا علمه متناسبا لهذا الامر بان يكون هنالك قوى الافلاك والعناصر مقتضية للبقاء وتجاذب فيجمع الناس اليه وعين لتعظيم الناس اياه طرقا واوضاعا وتدل الى اليوم باجابة عليهم واعلم ان الشرائع لا تنعقد الا في العادات وهذه حكمة الله فينظر الى ما عندهم من العادات فما كان منها فاسدا سجل على تركه وما كان صحيحا ابقى وكذلك الوحي المتلو لا ينعقد الا في الالفاظ والكلمات والاساليب المخزونة في ذهن الموحى اليه ولذلك اوحى الله الى العربي باللغة العربية والى السرياني

اور یہ یوں ہے کہ اشخاص بشر کو آپس میں رسمیں منعقد کرنیکا الہام ہوا تو منعقد ہوگئیں رسوم مدنیہ اور رسوم معاشیہ معاملیہ اور یہ امر انکے نہایت امر ضروری میں سے ہوا اور انکے ضروریات علوم میں داخل ہوا تو کیا اللہ نے قلب نبی کو قابل انعقاد ایسی رسم کا جس میں رضائے الہی اور برکت نور ہو سو وہ شرع اور ملت ہے اور ان انفسارات میں سے کعبہ شریف ہے اور یہ یوں ہوا کہ لوگ حضرت سیدنا ابراہیمؑ سے قبل مشغول ہوئے عبادت گاہوں اور کنیسے بنانے میں پس انھوں نے بنایا مکان آفتاب کے نام پر وقت غلبہ روحانیت آفتاب کے اور اسی طرح ماہتاب اور باقی سیاروں کے نام پر اور انھوں نے یہ گمان کیا کہ جو شخص جس مکان میں داخل ہوگا وہ اس ستارہ کا مقرب ہوگا اور یہ امر ضروریات میں شامل ہوگیا اور توجہ ہوگئی بسیط کیطرف جس کیواسطے کوئی جہت متعین نہیں مثل امر بعید کے پس نازل ہوا حضرت سیدنا ابراہیمؑ کے قلب پر مقابل میں اسکے جو اس زمانہ میں رہتا اور انھوں نے ایک جا مقرر کی جو اس امر کیواسطے مناسب سمجھی گئی کہ یہاں قوائے افلاک و عناصر بقا کے مقتضی ہوں اور جاذب ہوں لوگوں کے دلوں کو اس کیطرف اور مقرر کیے طریقے اور وضعیں تاکہ لوگ اسکی تعظیم کریں اور تدلی کی جاتی ہے انکی طرف کہ انکی تعظیم واجب ہے اور تو جان لینا چاہیے کہ شریعت عادات میں جاری ہوتی ہے اور یہ اللہ کی حکمت ہے کہ دیکھتا ہے مقررہ عادات کیطرف دیکھتا ہے جو بری ہوتی انکو منع فرما دیتا اور جو اچھی ہوتی ہیں انکو قائم رکھتا ہے اسیطرح وحی منعقد ہوتی ہے الفاظ اور کلموں اور اسلوبوں میں جو سلف اس شخص کے ذہن میں نہیں جو اسکیطرف وحی کیگئی ہیں اور اسی واسطے اللہ نے عرب والوں کیطرف عربی زبان میں وحی کی اور سریانی زبان

بالغة السريانية وكذلك الرؤيا الصادقة انما تكون منعقدة في الصور والخيالات المخزونة وكذلك لا يرى الاكمه في المنام الالوان ولا الاشكال و انما منامه اللمس والسماع والذوق والشم و الوهم والاصم الذي ولد اصم لا يسمع في منامه صوتا وانما رؤياه البصر واللمس وشبههما وان نشئت الحق فلا تنعقد صورة ما بافاضة غيبية في نشأة سواء كانت هذه الافاضة عادية او خارقة للعادة الا باحكام تلك النشأة انما يكون مشخصاتها التي منعت الشركة الوان واشكال خاصة بتلك النشأة كهذا الفرس مشخصاته كلها داخل النشأة الفرسية كأن الفرس يحتمل ان يكون طوله اربع اذرع وازيد من ذلك وانقص فكان هذا اربع اذرع لا يزيد ولا ينقص فهذا ليس الا في تلك النشأة لا غير وكذلك مميزات النوع التي ميزت هذا النوع من النوع الآخر كلها امور داخلة في النشأة الجنسية فاذا اكل فائض بهذا الوضع بخصوصية لا بد معد من تلك النشأة خصصه بذلك الوضع بقي ههنا شيء وهو ان ايجاد الصور امره على الامكان و التقدير والتدلي والشعائر امرها على المسلمات والمشهورات والامور التي تطمئن اليها النفوس فلذلك كان كل تدلي له معد من مسلماتهم ذلك بالتدليات ان يطيع العباد ربهم بقلوبهم انقيادا لا يقدرون على الازدياد عليه تمهيد يكون جوارحهم على حسب

والوں کی طرف سریانی زبان میں اور اسی طرح سچے خواب منعقد ہوتے ہیں ان صورتوں اور خیالوں میں جو ذہن میں پوشیدہ ہیں اسی واسطے کور مادر زاد خواب میں رنگ نہیں دیکھتا اور نہ شکلیں اس کا خواب لمس اور سننا اور چکھنا اور سونگھنا اور وہم ہے اور جو بہرا مادر زاد ہو تو خواب میں کچھ سنتا نہیں اسکا خواب دیکھنا اور چھونا وغیرہ ہے اور جو تو سچ پوچھے تو کوئی صورت عالم میں افاضہ غیبیہ کیساتھ منعقد نہیں ہوتی برابر ہے کہ یہ افادہ عادتیہ ہو یا غیر عادتیہ مگر موافق احکام اس عالم کے ہو بیشک وہ مشخصات جو شرکت رنگ اور اشکال کو مانع ہیں اس عالم کیساتھ مخصوص ہیں جس طرح کہ یہ گھوڑا اسکے کل مشخصات اس کے داخل ہیں عالم فرسیت میں گویا گھوڑا احتمال ہے کہ طول اسکا چار ہاتھ ہو اور اس سے زیادہ اور کم پس یہ چار ہاتھ نہ زیادہ ہونگے نہ کم تو یہ نہ ہونگے مگر اسی عالم میں نہ اور جائے اور اسی طرح نوع کے ممیزات جیسے یہ نوع دوسری نوع سے ممیز ہے سب امور ہیں جو داخل ہیں عالم جنسیت میں جس وقت اس وضع ہر فائض کیواسطے خصوصیت کیساتھ ایک ویسا مُعِد اس عالم میں سے ضروری ہے جس نے اسکو اس وضع کیساتھ خاص کیا باقی رہی یہاں ایک بات وہ یہ ہے کہ ایجاد صورتوں کا تو امر امکان اور تقدیر پر ہے اور تدلی اور شعائر کا امر مسلمات اور مشہورات پر اور ان امور پر جنسے اطمینان نفوس ہو اسی واسطے جو تدلی ہے اسکے واسطے معدتیں انکے مسلمات سے کیونکہ تدلیات سے یہ مراد ہے کہ بندے اپنے رب کی بندگی دل سے کریں اسطرح سے کہ اسکے زیادہ کرنے پر قادر ہوں پھر اپنے اعضاء اس کے موافق عادی بنا دیں

ذلك فاذا اقتضت المقتضيات ان يكون انسان عشرة اذرع جعل كذلك لانه ممكن وان لم يكن مشهورا يطمئن اليه القلوب واما الشرائع والتدليات فكلها على موافقة المشهور والمسلم نعم هنالك بركات تميز الصدق من المين والحق من الباطل وربما يختلج في قلبك ان كل تدلٍّ لابد ان يكون فيه خرق العادات فكيف يوافق المشهور فنقول لا تقف على الامر المجمل المطوي على غرة بل تفحص الامر فاصل الشيء على العادة لا يجاوزها ما كان الرسول ملكا ولا كان الكتاب عجميا ولا كان البيت من نور ولكن يظهر عليه بركات لا توجد في غيره فبالبركات تخرق العادة لا بالاصل وكان كفار قريش لم يفهموا حكمة الحق في الفرق بين هذين الامرين فكانوا يقترحون ان يكون الرسول ملكا وقالوا ما لهذا الرسول يأكل الطعام ويمشي في الاسواق فرد الله عليهم مقالتهم وفضح اعتقادهم الفاسد وكذلك ما كانت صورة غلبة الرسول ان يكون معه ملك يشهد له او ينزل اليه من السماء كتاب وهم يرونه بابصارهم كما صرح الحق في سورة الفرقان وغيرها بل كانت صورة غلبة الملوك بالمجاهدات والحروب وهذه قضية قضى بها الوجدان ووجدنا السنة والقرآن مبنيين عليها لا في مسئلة واحدة بل في مسائل كثيرة والحمد لله اولا وآخرا وهذا مشهد عظيم

پس جس وقت مقتضیات تقاضا کریں کہ انسان دس گرہ کا ہو ایسا ہی کیا گیا کیونکہ یہ ممکن ہے اگرچہ مشہور نہیں جو اس سے دلوں کو اطمینان آجائے لیکن شرائع اور تدلیات موافق مشہور اور مسلم کے ہیں ہاں یہاں ایسی برکتیں ہیں جو سچ کو جھوٹ سے اور حق کو باطل سے جدا کر دیتے ہیں اور بسا اوقات تیرے دل میں یہ بات کھٹکتی ہو کہ ہر تدلی میں خرق عادت کا ہونا ضرور ہے تو کیونکر مشہور کے موافق ہوگا تو ہم کہتے ہیں کہ امر مجمل اور پیچیدہ پر ٹھہر نہ جا بلکہ دریافت کر اس امر کو پس اصل شئے کی عادت پر ہے اس سے تجاوز نہیں ہوتا رسول فرشتہ نہیں ہوتا اور نہ کتاب آسمانی عجمی اور نہ گھر نور کا لیکن اس پر برکتیں ایسی ظاہر ہوتی ہیں کہ اسکے غیر میں نہیں پائی جاتیں تو خرق عادت برکتوں سے ہوتا ہے نہ اصل سے اور کفار قریش اللہ کی حکمت ان دونوں امروں کے فرق میں نہیں سمجھتے تھے تو اعتراض کرتے تھے کہ رسول فرشتہ ہو اور کہتے تھے کہ یہ کیسا رسول ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں پھرتا ہے تو اللہ نے انکے قول کو رد کیا اور انکے اعتقاد فاسد کی رسوائی کی اور اسطرح رسول کے غلبہ کی صورت یہ نہیں کہ فرشتہ اسکے ساتھ ہو گواہی دیوے یا آسمان سے کتاب نازل ہو اور وہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں جیسا اللہ تعالیٰ نے سورۂ فرقان وغیرہ میں اسکی تصریح کر دی ہے بلکہ بادشاہوں کے غلبہ کی صورت جہاد اور لڑائیوں سے ہے اور یہ ایسا مضمون ہے کہ وجدان نے اس پر حکم لگایا ہے اور ہم نے قرآن و حدیث شریف کو اس کا اور اس کے فروع کا بیان کرنے والا پایا ہے نہ ایک مسئلہ میں بلکہ بہت مسائل میں اور الحمد للہ اولاً و آخراً مشہد عظیم

المشاهد ١٨ الخامس

www.ubqari.org



فیوض الحرمین اسرار عظیمہ ۳۰ کا نزول

ترجمہ اردو فیوض الحرمین

لا اختيار له في ذلك وثانيهما ان يرجع هذا الفرد
الى عقل حكمة وفراسة فاذا راى شيئا فيه نفع له
ولغيره بسط رقيقة من رقائقه الى ما يناسب
هذا الشيء فظهر خارق عادة في الناس مثلا
اراد ان يخبر الناس بما سياتي من الوقائع
فبسط رقيقة من رقائقه وهي القمرية فتلقت
علما والقاه اليهم او اراد تسخير قوم فبسط
رقيقة من رقائقه وهي الشمسية فسخرت
وهلم جرا ومن خواص الفرد في الحيوة الدنيا
انه يتاتى له ان يعبد بجميع اخلاقه
وجميع طبائعه وذلك ان الانسان في مجرى
العادة يفعل افعال الشجاعة لداعية
ترجع الى جلب نفع او دفع ضر دنيوي فاذا
كان العمل فرد التعقل في الملاء الاعلى حكما
من احكام الحق فترشح منه اثر الى النفس وانبعث الداعية وخدمها خلق من اخلاقه

اور رقائق ہیں کہ آئے ہیں جانب عناصر سے اور رقائق ہیں کہ آئی
ہیں طرح طرح کے کمالوں سے جو اسکو حاصل ہیں تو نہیں مسلط ہوتا ایک جز
دوسرے جز پر کبھی تو نہیں معزول ہوتی بہیمیت کبھی اپنے مقتضا سے
ملکیت کے تسلط سے اسپر اور نہ ملکیت اپنی مقتضا سے معزول ہوتی
ہے کبھی بہیمیت کے تسلط سے اسپر اور کبھی تجرد نہیں ہوتا کسی
کمال کیواسطے ایسی حیثیت سے کہ دوسرے کمال کا اثر کم ہوجائے بلکہ ہر
نزدیک ہر شے اپنی مقدار سے ہے تو اس سے جو خارق عادت ظاہر ہو
تو دو وجہوں میں ایک ان دو سے یہ ہے کہ مدبر حق اپنے بندوں کو نفع
پہنچانا چاہے دنیا کا یا آخرت کا یا ضرر دفع کرنا چاہے دنیا یا
آخرت کا یا انکو افعال پر عذاب دینا چاہے تو اس فرد کے ہاتھ پر جاری
ہوتا ہے اور وہ اسکی طرف خرق عادت منسوب ہوتا ہے درحالیکہ وہ فرد
مانند مردہ کے ہے غسال کے ہاتھ میں اسکو اسمیں کچھ اختیار نہیں اور دوسری وجہ
یہ ہے کہ وہ فرد رجوع کرے اپنی عقل اور حکمت و فراست کیطرف پس جب
دیکھے کسی شے میں اسکو نفع ہے یا اور دوسرے کو تو اسکی رقائق میں سے
کوئی رقیقہ بسط کرے جو مناسب اس شے کے ہو تو ظاہر ہو خارق عادت
لوگوں میں مثلاً وہ ارادہ کرے کہ جو وقائع آنیوالے ہیں انکی لوگوں کو خبر کرے
تو بسط کرے اسکا رقیقہ جو قمریہ ہے تو علم سے ملاقی ہو اور لوگوں کو وہ علم
پہنچایا یا ارادہ کرے کہ وہ فرد کسی قوم کی تسخیر کا تو بسط کرے ایک رقیقہ
رقائق میں سے کہ وہ شمسیہ ہے پس تسخیر کرے اور اسیطرح اور جہانتک
خیال کرو اور فرد کے خواص سے ہے کہ وہ زندگی دنیا میں اپنے رب کی عبادت
کرتا ہے اپنے سب اخلاق اور جمیع طبائع سے اور یہ امر اسلیئے ہے کہ عادت
میں ہے کہ انسان افعال شجاعت کرتا ہے واسطے اسی داعیہ کے کہ حصول
نفع ہو یا دفع ضرر ہو دنیا کا تو جب ہوتا ہے تو ملاء اعلیٰ میں جو حکم
منعقد ہوتا ہے حق کے احکام سے اسکا اثر مترشح ہوتا ہے نفس
کیطرف تو التفات ہوا ہے داعیہ اور اسکی خدمت کرتا ہے کوئی خلق اسکے
اخلاق میں سے ◆

فجرت الافعال وهو فی کل ذلك فان عن مراده باق بمراد الحق فهذا معنی عبادته باخلاقه والانسان له طبائع ولكل طبیعة فناء وبقاء وكمال توعزاه من ربه وافعال یجری منها بفناءها فی الحق وتجلیات معنویة حاصلة من تركیب الكمال بالطبیعة البشریة بحسب ذلك الكوكب كما ان الطبیعة الزهریة بحسب التسمیة تقتضی ان یلتذ كل حسن بالجمال الذی خصه الله تعالی به ویری فی كل لذة وبهجة انقیادا الی الله واخبانا له فیكون الحماسن بلذ انها والاشیاء التی یلتذ بها كانها السنة تذكر الله تعالی فیحصل له حالة عجیبة یستغرق فیها ویسكر حینا من الدهر وقس علی ذلك كل طبیعة وان شئت الحق فعبادة لربه فی حقه جریان منه علی مقتضی طبیعه والله حافظه واذا اتاه زجر علی فعل فسببه مخالفته فی ذلك المباس البسه الله تعالی ومن خواصه فی البرزخ انه اذا انتقل عن هذا البدن هام الی الطبیعة العامة التی تعم كل موجود هیمان النفس الناطقة الی بدنها الا ان هیمانها هیمان تدبیر وهیمانه هیمان عشق فحینئذ یسری فی اجزاء العالم بهمته ففی الحجر حجر وفی الشجر شجر وفی الفلك فلك وفی الملك ملك لا یصده طور عن طور كهیئة الطبیعة المطلقة وحینئذ ربما كان من هذا الفرد اثار عجیبة واحكام غریبة فمنها انه یعلم بالعلم الحضوری مع

مع انه القيم بالطبيعة الاولى كما ان النفس يعلم انه قائم وليس بقائم الا الجسد ولا يعلم بهذا العلم انه فلان بن فلان بل ربما علم ذلك

تو جاری ہوتے ہیں فعل اور وہ فرد بالکل فانی ہوتا ہے مراد اللہ کی مراد میں باقی تو یہ معنی ہیں اسکی عبادت کے بسبب اخلاق کے اور انسان کے واسطے طبائع ہیں اور ہر طبع کیلئے فنا و بقا اور ہر طبیعت کو ایک کمال اللہ کی طرف سے دیا گیا ہے اور افعال ہیں جو اس طبیعت سے جاری ہوتے ہیں جب اسکو فنا کرے خدا میں اور تجلیات معنوی ہیں جو کہ ترکیب کمال کے ساتھ طبیعت بشری کے حاصل ہوتی ہیں موافق اس کوکب کے جیسے طبیعت زہریہ بحسب تسمیہ مقتضی ہے کہ لذت اٹھائے حسن سے اس جمال کی جس سے اللہ نے خاص کیا ہے اور دیکھے ہر لذت اور ہر خوشی میں تابعداری اللہ کی اور فروتنی اسکے آگے پس ہو جائیں سب چیزیں ساتھ لذت کے اور ہر شئے جس سے لذت اٹھاتا ہے سب کے سب زبانیں ہوں یاد دلانے والی اللہ تعالیٰ کی تو حاصل ہو اسکو ایک عجیب حالت جس میں مستغرق ہو جاتا ہے اور مست ہو جاتا ہے ایک زمانہ اور اسی پر قیاس کر ہر طبیعت کو اور جو کچھ ہو تو اس کی عبادت اپنے رب کیلئے اسکے مقتضٰی طبیعت کا اسکی جاری ہوتا ہے اور اللہ اسکا حافظ ہے اور جب کسی فعل پر اسکو زجر آتا ہے تو اسکا سبب اسکی مخالفت اس امر میں بسبب اس لباس کے ہے جو اسے اللہ نے پہنایا ہے اور اس فرد کے خواص میں سے ہے عالم برزخ میں یہ کہ جب وہ انتقال کرے اس بدن سے ہیمان کرتا ہے طرف طبیعت عامہ کے جو عام ہے ہر موجود کو جیسا ہیمان نفس ناطقہ کا بدن سے ہے مگر نفس ناطقہ کا ہیمان ہیمان تدبیر کا ہے اور اس فرد کا ہیمان ہیمان عشق کا ہے تو اسوقت سرایت کرتا ہے بہمت اجزاء عالم میں تو حجر میں حجر اور شجر میں شجر اور فلک میں فلک ہے اور ملائکہ میں ملک ہے نہیں روکتا اسکو ایک طور دوسرے طور سے جیسے ہیئت طبیعت مطلقہ کے اور اسوقت اکثر اوقات اس فرد کے آثار عجیبہ اور احکام غریبہ ہوتے ہیں پس انہیں سے یہ ہے کہ جانتا ہے علم حضوری سے کہ وہ طبیعت اولی کو قائم رکھنے والا ہے جیسا کہ نفس جانتا ہے کہ قائم ہے

بعلم حصولي كما يعلم ان فلانا الاجنبي ابن فلان
ومنها أن هذه الحقيقة ربما صارت معدة لبعض
التدبير الكلي فبرز بروزا في بعض المواطن وكون
سببا لافاضة البركات **شعر** ومن بعد هذا
ما فلق صفاته وما كتمها احظى لدي واجمل

تحقيق في بيان قول السيد عبد السلام بن مشيش قدس سره على مشرب القوم اللهم جعل الحجاب الاعظم حياة روحي وروحه سر حقيقتي وحقيقته جامع عوالمي بتحقيق الحق الاول انتهى المراد بالحجاب الاعظم ذات النبي صلى الله عليه وسلم كما دل عليه قوله قدس سره فيما سبق وحجابك الاعظم القائم لك بين يديك وانما عبر عنه بالحجاب الاعظم لان حقيقته عليه الصلوة والسلام اول المبدعات واعظمها كما ذكره القوم في قوله صلى الله عليه وسلم اول ما خلق الله نوري ومنها انشعبت الحقائق فهي الواسطة بينها وروحه نبي الانبياء فان ارواحهم انما اخذت العلوم والمعارف بواسطة روحه فكما ان النبي ترجمان الحق في قومه والواسطة بينه وبينهم فكذلك روحه صلى الله عليه وسلم ترجمان الحق في الارواح والواسطة بينه وبينها وفي قوله عز من قائل فكيف اذا جئنا من كل امة بشهيد وجئنا بك على هؤلاء شهيدا اشارة الى هذا المعنى بناء على ان هؤلاء اشارة الى الشهداء وصورته الظاهرة في الناسوت التي عليها ظهرت المعجزات وبينت على

اور وہ قائم نہیں مگر جسد قائم ہے اور اس علم کو نہیں جانتا کہ وہ فلان ابن فلان ہے بلکہ بسا اوقات یہ بات جانتا ہے علم حصولی جیسا کہ جانتا ہے کہ وہ اجنبی ابن فلان ہے اور انھیں سے یہ ہے کہ حقیقت ہوتی ہے مستعد واسطے بعض تدبیر کلی کے پس ظہور کرتی ہے بعضے مواطن میں اور ہوتی ہے سبب افاضہ برکات کا شعر ومن بعد ہذا ما تحقق صفاتہ — وما کتمہا احظی لدی واجمل — یعنے اسکے بعد اسکی صفتیں ظاہر نہیں کیجاتیں اور میرے نزدیک اسکا چھپانا بہت خوب اور اچھا ہے تحقیق بیان میں قول سید عبد السلام ابن مشیش قدس سرہ کے وہ قول یہ ہے اللہم اجعل الحجاب حیاۃ روحی وروحہ سر حقیقتی وحقیقتہ جامع عوالمی بتحقیق الحق الاول انتہی حجاب اعظم سے مراد ذات نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے جیسا کہ دلالت کرتا ہے شیخ ان قدس سرہ کا یہ قول وحجابک الاعظم القائم لک بین یدیک جسکا پہلے بیان ہوا اور تعبیر ذات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تعبیر کیا حجاب اعظم سے اسواسطے کہ حقیقت آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کی اول مخلوقات اور اعظم ہے جیسا کہ ذکر کیا ہے قوم نے بیچ اس فرمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ اول جو چیز اللہ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے اور اسی سے منشعب ہوئی حقیقتیں پس حقیقت صلی اللہ علیہ وسلم کی واسطہ ہے درمیان اللہ کے اور حقائق کے اور روح مقدس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نبی الانبیا ہے کہ بیشک انبیا کی ارواح نے اخذ کئے علوم اور معارف بواسطے اس روح مبارک کے پس جسطرح نبی ترجمان حق ہے اپنی قوم میں اور واسطہ ہے اللہ میں اور قوم میں اسیطرح روح مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ترجمان حق ہے ارواح میں اور واسطہ ہے اللہ میں اور ارواح میں اور بیچ اس قول اللہ تعالی فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید وجئنا بک علی ہؤلاء شہیدا اشارہ ہے طرف اسی معنی کی بنا بریں کہ ہؤلاء اشارہ ہے طرف شہداء کے اور انکی صورت ظاہری ناسوت میں جس سے معجزے ظاہر ہوئے

ے پھر کیا ہوتا ہے جب ہم ہر امت کے گواہ کو بلائینگے (م) لسانها المعارف والاحکام وواسطة بين الحق وخلقه وسببه تقرب الامم منه وظهور) اور اے پیغمبر تم کو بھی ان پر گواہی کیواسطے بلائینگے ۱۲م

مما بينا ان له صلى الله عليه وسلم ثلث نشآت كلية ثلثة اصناف من التوسط بحسب تلك النشآت فاولها مرتبة تسمى عند الطائفة بالحقيقة المحمدية وهي تعين كلي في الخارج لاحكام الاسماء الكلية وثانيها مرتبة عندهم بالروح المحمدي وهي التعين المجاذي للحقيقة المحمدية عند انفسار الانسان الكلي الى مظاهره وتعيناته وثالثها النشاة الناسوتية المنوطة بها الكمالات الظاهرة بعد بعثته الى الخلق على راس اربعين سنة من عمره من اقامة الامة العوجاء وفتح ابصارهم واذان صم وقلوب غلف حتى يشهدوا بالوحدانية ويتهذبوا ويعلموا احكام الله المتعلقة بافعال المكلفين وغير ذلك من المعارف الجليلة واكمل الاولياء من كان قلب خاتم الانبياء صلى الله عليه وسلم في تلك النشآت الثلث لكن الحقائق الجزئية المستعدة لكمالات المحبة والمحبوبية وما يضاهيهما لا يتعين الا بعد انحياز الانسان الكلي بحياله فاول تعينها في الخارج بينا هي ويسامت التعين الروحي من الحقائق الكلية فلا يظهر مدد الحقيقة المحمدية الواصل الى الحقائق الجزئية الا عند تعينها وتكون الجامعية ميراثا منها وانعقاد الاستعدادات منا لكون ميراثا عن الروح المحمدي فيكون مرتبة العطايا واحدة واسرار وجودها متعددة فاذا تمهد هذا فنقول الشيخ قدس سره يتبهل الى ربه تبارك وتعالى بلسان استعداده ان يجعله وارثا وتلميذا لمحمد صلى الله عليه وسلم بحسب النشآت الثلث

وكمالاته المختصة بكل عضو فعضو عن سواه الصادرة منه الى الخلق

اور اس صورت کی زبان سے بیان ہوئے شعائر اور احکام واسطے انکے درمیان حق اور اسکی مخلوق کے اور بسبب مخلوق کے قرب کا حق کے اور ظاہر ہوا اس سے جو بیچ بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے تین عالم ہیں کلیہ اور تین قسم کے ہیں توسط کے موافق تین نشآت کے تو اول وہ مرتبہ ہے جسکو قوم حقیقت محمدیہ کہتی ہے اور وہ ایک تعین کلی ہے خارج میں واسطے احکام اسمائے کلیہ کے اور دوسرا انمیں سے مرتبہ جسکا نام انکے نزدیک روح محمدی ہے اور وہ تعین مجازی ہے حقیقت محمدیہ کی وقت منقسم ہونے انسان کلی کی طرف اسکے مظاہر اور تعینات کی اور تیسرا انمیں نشاۃ ناسوتیہ ہے جس سے وابستہ ہیں کمالات ظاہری بعد نبی ہونے کے خلقت کی طرف جب عمر مبارک چالیس برس کی ہوئی کہ امت کج کو راہ پر لائے اور اندھوں کو بینائی اور بہروں کو کان اور دلوں کو بہت بخشے کیونکہ واسطے تاکہ وہ وحدانیت الٰہی پر گواہی دیں اور تہذیب پاویں اور جانیں اللہ کے حکم جو متعلق افعال مکلفین کے تھے اور اسکے سوا اور معارف جلیلہ اور اکمل الاولیا وہ شخص ہے جو قلب خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے ان تینوں عالم میں لیکن حقائق جزئیہ مستعدہ واسطے کمالات محبت و محبوبیت اور جو ان دو کے مانند ہیں نہیں متعین ہوتی مگر بعد جدا اختیار کرنے انسان کلی کے اسکے مقابل ہیں پس ہو تعین ان حقائق جزئیہ کا خارج میں مشابہ اور ہمسر تعین روحی کے حقائق کلیہ سے پس نہیں ظاہر ہوتی مدد حقیقت محمدیہ کی جو واصل ہے طرف حقائق جزئیہ کے مگر وقت اسکے تعین کے اور جامعیت کے میراث حقیقت محمدیہ کے اور منعقد ہونا استعداد کا یہاں باعتبار میراث روح محمدیہ کے ہوا مرتبہ عطایا کا واحد اور اسرار اسکے وجود کے متعدد جب یہ بات بیان ہوئی تو اب ہم کہتے ہیں کہ شیخ قدس سرہ تضرع وزاری کرتا ہے رب تبارک وتعالیٰ سے بزبان اپنی استعداد کے کہ اللہ اسکو کرے وارث اور تابع سید ومولینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بحسب نشآت ثلثہ کے اور انکے کمالات مختصہ کے جوہر

من الكمالات الناسوتية وبقوله اللهم اجعل الحجاب الاعظم حيوة روحي اعني بها الروح المنفوخ في البدن المدبرة له المريدة الحس والحركة وهي في الافراد الجزئية المستعدة لكمالات الجزئية التي اشرنا اليها بازاء الصورة الناسوتية في الافراد الكلية المستعدة للكمالات الجمعية ولا يخفى حسن تشبيه المدد الواصل منه صلى الله عليه وسلم الى روح هذا المستفيد بالحيوة التي هي كمال اول للروح وعبر عن سواله ميراثه من الكمالات الروحية بقوله وروح سر حقيقي وذلك لان الحقائق الجزئية انما تنشا من حيث تعين الارواح الكلية ولا يخفى ما في التعبير عن المدد الواصل منه صلى الله عليه وسلم الى حقيقة هذا المستفيد بالسر الذي يفهم منه الخفاء والمصدرية للآثار والكمالات وتعين الاستعدادات مستمرا دائما على نمط واحد من الحسن والبراعة وعبر عن سواله ميراثه بحسب الكمالات التي ورثتها الحقيقة المحمدية وان لم تظهر في الافراد دون تلك المرتبة بقوله وحقيقة جامع عوالمي وذلك لان الاكملية بهذا الوجه تلازم ظهور دقائق كثيرة بازاء النشآت الخارجية كل دقيقة اجمال نشاة ومعرفة احوالها فالمدد الواصل منه صلى الله عليه وسلم في هذه المرتبة الى حقيقة المستفيد صورة جمع العوالم بهذا المعنى اجعل ذلك كذا التحقيق والتحقيق جعل الشيء متحققا في الخارج والمراد منه الفيض المقدس ولا يخفى ما في وضع المظهر مكان المضمر

ایک نہیں ہیں پس تعبیر کیا اپنے سوال میراث کو اسکے کمالات ناسوتیہ سے اس قول کیساتھ کہ اللھم اجعل الحجاب الاعظم حیوۃ روحی کہ مراد اس سے روح ہے جو بدن میں پھونکی گئی ہے جو مدبر اور مدبر ہے اسکی حس و حرکت کے ارادہ کرنیوالی اور وہی افراد جزئیہ میں مستعد ہے واسطے کمالات جزئیہ کے جسکی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے بمقابل صورت ناسوتیہ کے بیچ افراد کلی کے جو مستعد کمالات جمعیت کے ہے اور کچھ چھپا ہوا نہیں ہے حسن تشبیہ اس مدد کا جو واصل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طرف روح اس مستفید کے ساتھ حیات کے ایسی حیات کہ وہ کمال اول ہے واسطے روح کے اور تعبیر کیا اسنے اپنے سوال میراث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات روحیہ کے ساتھ اس قول کے وروحی سر حقیقی اور یہ اسواسطے کہ حقائق جزئیہ بیشک ظہور کرتی ہیں اس جگہ سے کہ جہاں متعین ہوتی ارواح کلیہ اور پوشیدہ نہیں وہ کہ بیچ تعبیر مدد کے ہے ایسی مدد جو واصل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طرف حقیقت اس مستفید کے ساتھ اس سر کے جس سے خفا سمجھا جاتا اور مصدریت واسطے آثار و کمالات اور تعین استعدادات کی ہمیشہ دائم ایک نمط واحد پر حسن و براعت سے اور تعبیر کیا اس نے سوال میراث اسکی کو موافق ان کمالات کے جسکی وارث ہوئی ہے حقیقت محمدیہ اگرچہ نہیں ظاہر ہوئی مگر بیچ سوائے اس مرتبہ کے جو اسکا قول ہے وحقیقت جامع عوالم ہے اور یہ امر اس لئے ہے کہ اکملیت ساتھ اس وجہ کے لازم ہوتی ہے ظہور دقائق کثیرہ سے کہ بمقابل نشآت خارجیہ کے ہر دقیقہ اجمال ہے ایک نشأۃ کا اور اسکے احوال کی معرفت تو مدد جو واصل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مرتبہ میں طرف مستفید کے اس کی صورت جمع عوالم ہے ساتھ اس معنی کے اجعل ذالک کذا تحقیقک اور تحقیق کرنا شے کا متحقق ہے بخارج میں اور مراد اس سے فیض مقدس ہے اور مخفی نہیں وضع مظہر سے مکان مضمر میں ۔

من افاضات زبان التحقیق

صادر ونه من جهة كونه حقا اى متحققا بذاته محققا
لغيره واول الاشياء فانه وجود الموجودات وماهية
الماهيات **تحقيق** للعارف وصول الى الذات
ووصول الى الاسماء والتجليات سواء فانما بان الوصول
الى الذات علم بها وادراك لها والاوهام يوهم خلاف
ماذكرنا من كلام المتحققين فى هذه المسئلة ومعناه
نفى العلم والاحاطة لا نفس الوصول وتفصيله
ان السالك اذا وصل الى الحقيقة التى يعبر عنها
بانا وجدتها عماد وجودها ومقر الالتفات الى التحقق
والتقرر والوجود واصل ذلك كله الوجود المطلق
وله تنزلات شتى وملابس كثيرة فيعرف فى ضمن
هذا الالتفات كل تنزل ولبسة بما يستلزم ذلك
التنزل وتلك اللبسة فلا يدرك المثال الا
بالمثال ولا الروح الا بالروح وهكذا بوجه متصعدا
حتى يدرك الحقيقة التى لا حقيقة فوقها متلبسا بالحقيقة
بعينها فهناك وصول وليس هناك علم الا بانا ودونها
الا بانا وما احسن قول الشيخ العارف عفيف الدين
التلمسانى مشيرا الى هذه النكتة بشعر له شعر ومشكوى
فورى بها يتفطر ✽ يحق لها يتك القلوب انفطارها
وماذا على من صار نالة لخلها ✽ اغار ابوها ام تنبه
جارها ✽ فالكمل يتحقق لهم الوصول الى الذات بالفعل
وكذلك باصول الاسماء والتجليات فناء وبقاء وتحقق
ولا يجوز ان يكون لهم حالة منتظرة فى ذلك نعم بعد
ذلك احكام خاصة بكل نشأة من النشأت يعتورها
الانسان مرة بعد مرة وكانه قد احاط بها اجمالا

کر اشعار اس بات کا تحقیق صادر ہے اس سے بسبب اسکے ہونیکے حق
یعنی متحقق بذاتہ محقق لغیرہ اور اول اشیا پس بیشک وہ وجود
الموجودات و ماہیت الماہیات ہے تحقیق عارف کو وصول ذات کا اور اسماء
و تجلیات ہے یکساں برابر اگرچہ اسکے جو کہا ہے کہ وصول طرف الذات علم ذات اور ادراک
اور اسکا ہو یا نہیں اور وہ جو وہم ہوتا ہے ہمارے بیان فرمانے محققین کے کلام سے
اس مسئلہ میں تو اسکے معنی ہیں نفی علم کی اور احاطہ کی نہ نفس وصول کی
اور اسکی تفصیل یہ کہ سالک کو جب وصول ہوتا ہے طرف حقیقت کے
وہ حقیقت جس سے تعبیر کرتا ہے اور وہ حقیقت خبر دیدیتی ہے اپنے
ساتھ اور واقع ہوتی ہے واسطے التفات طرف تحقق و تقرر وجود کے اور
اس سب کی اصل وجود مطلق ہے اور واسطے اسکے تنزلات ہیں بہت اور
لباس ہیں کثیر پس پہچانتا ہے اس التفات کے ضمن میں ہر تنزل و ہر لباس
لباس خاص - اس تنزل اور اس لباس کے تو نہیں ادراک ہوتا مثال
مگر ساتھ مثال کے اور نہ روح مگر ساتھ روح کے اور اسیطرح رجوع
کرتا ہے صعود کرتا ہوا یہاں تک کہ دریافت کرتا ہے اس حقیقت کو کہ
اسکے پرے کوئی اور حقیقت نہیں ہے ساتھ اس حقیقت کے بعینہا
پس وہاں وصول ہے اور علم نہیں وہاں مگر آنا کا اور کوئی ادراک نہیں
مگر آنا کا اور کیا خوب قول ہے شیخ عارف عفیف الدین تلمسانی جو اشارہ
کرتے ہیں اس نکتہ کیطرف شعر ہے عوام شکری فوزی بہا یتفطر وانہ
یحق لہا یتک القلوب انفطارہا وماذا علی من صار نالہ لخلہا
انفطارا ابوہا ام تنبہ جارہا پس کاملوں کے واسطے وصول متحقق ہے
طرف ذات کے بالفعل اور اسیطرح ساتھ اصول اسماء اور
تجلیات کے فنا و بقاء تحقیقاً نہیں جائز یہ کہ ہو اسکے واسطے حالت
منتظرہ اس امر میں ہاں اسکے بعد احکام خاص ہیں ہر
نشاء کے نشأت میں کہ برتتا ہے انکو انسان ایک
بعد ایک کے گویا کہ اس نے احاطہ کر لیا انکا اجمالاً ان دونوں

في ديلك الوصولين

له چھوڑ دو انکو جھگڑتے رہیں مبہم سے مراد حاصل ہونگی کہ وہ عشق ہو جائیں ثابت کر دیگا اور تو انکو دیکھے تم ہو انکا عشق ہر بار نا کیا جو محبوب کے رخسار کا خال ہوا اس محبوب کا با غیرت تھا ہمسایہ آگاہ ہو گیا



وما بقى الا التفصيل فترقيات الكمل غير متناهية
بهذا المعنى تحقيق اعلم ان الاول تعالى
يعلم الاشياء بوجهين احدهما الوجه الاجمالي
انه لما علم ذاته علم اقتضاءاته لان ذاته الوجوب
لان العلم بالعلة التامة يكفي في العلم بلوازمها والاشياء
هنالك موجودة بوجود الهي لا بوجود امكاني لان كل شيء
انما تحقق بتحقق الواجب وانما وجد بايجاد الواجب
اياه فبازاء كل شيء كمال للواجب اقتضى ذلك الكمال
صدوره وصدر هذه الاشياء [illegible] فكل كمال
يقتضي شيئا بخصوصه وكل شيء يحتاج الى كمال بخصوصه
كان هذه الكمالات وهذه الاشياء امر واحد غير ان هذه
من لوازم الواجب واعتباراته الذاتية بمنزلة العلم
والقدرة والحياة وتلك معلولات له صادرة منه
وثانيهما الوجه التفصيلي بيانه ان كل موجود انما
هو معلول الواجب وما لا يكون معلولا لا يمكن ان
يتحقق وليست حاجة هذه المعلولات اليه تعالى
مثل حاجة البناء الى البناء بل حاجتها في اصل
وجودها وتحققها وتقومها مستمرة مادامت
موجودة وايجاده لها وتحقيقه اياها هو كوجودها
وتحققها لا غير وانما نشأ امتياز الماهيات بعضها
من بعض امتياز بعض انحاء الايجاد والتحقيق
والتقويم من بعض فهذا الارتباط اقوى شيء من
ارتباط الصورة بمحلها يقتضي حضور الاشياء لفاعلها
فيعلم الاول تعالى الاشياء بتلك الاشياء وصورها المرتسمة
في الواجب فهذا علم الواجب بوجودها الامكاني سواء

تصور نہیں ہے اور نہیں باقی رہا مگر تفصیل پس کاملوں کی ترقیات کو انتہا نہیں
اس معنے سے تحقیق اسے جاننا چاہئے کہ تحقیق اللہ عز مجدہ کہ اول جانتا ہے اشیا
کو دو وجہوں سے ایک وجہ تو اجمالی ہے اسکا بیان یہ ہے کہ جب اسنے
اپنی ذات کو جانا تو ذاتی اقتضا کو جانا اسواسطے کہ علم ساتھ علت تامہ کا
علم کافی ہے معلول کے علم کو اور یہ اشیا وہاں موجود ہیں ساتھ وجود الٰہی کے نہ ساتھ
وجود امکانی کے اسواسطے کہ ہر شے متحقق ہوتی ہے تحقق واجب سے اور پائی جاتی ہے
ساتھ ایجاد واجب کے پس مقابل ہر شے کے کمال ہے واسطے واجب کے اور اقتضا
اور یہ کمالات اسی ان شے کے صدور کا اور حقیقت میں ان شے کے تعلق کا تو ہر کمال
مقتضی ہے کسی شے کا بخصوصہ اور ہر شے محتاج ہے طرف کسی کمال کی بخصوصہ گویا یہ
یہ کمالات اور یہ اشیاء امر واحد ہیں سوا اسکے کہ یہ لوازم واجب میں سے ہیں اور
باعتبارات اسکی ذاتیہ بمنزلہ علم کے ہیں اور قدرت اور حیات کے اور یہ معلولات
ہیں واسطے اسکے کہ صادر ہوتی ہیں اس سے اور دوسری وجہ انمیں سے وجہ
تفصیلی ہے بیان اسکا یہ ہے کہ ہر موجود معلول واجب کا ہے اور جو چیز
معلول نہیں ممکن نہیں ہے اسکا تحقق اور نہیں ہے حاجت ان معلولات کی طرف اللہ کے
کو مثل حاجت عمارت کیطرف معمار کی بلکہ حاجت ان معلولات کی اور اصل وجود میں
اور وجود میں اور تحقق اور تقوم میں مستمر ہے جب تک موجود ہیں اور ایجاد کرنا
کا ہے واسطے انکے اور تحقق کرنا اسکا انکو مثل ہے انکے وجود کا اور
انکے تحقق کا نہ کچھ اور جز این نیست کہ ناشی امتیاز ماہیات کا بعض
سے بعض کو امتیاز ہے بعض اقسام ایجاد کا اور تحقق اور تقویم سے بعض
پھر یہ ارتباط بہت قوی ہے ارتباط صورت کا اپنے محل سے مقتضی
ہے حضور اشیاء کا واسطے اپنے فاعل کے پس جانتا ہے اول
اللہ اشیاء کو ساتھ ان اشیاء کے نہ انکی صور مرتسمہ فی الواجب
سے اور یہ علم واجب کا واسطے انکے ساتھ انکے وجود امکانی
کے ہے برابر ہے اس میں مادیات اور مجردات
پس حق یہ امر ہے کہ کچھ

www.ubqari.org

فی ذلک المادیات الی ان قال فالحق انہ لا حاجۃ
الی توسیط الجواہر العقلیۃ المرتسمۃ فیہا صور الاشیاء
الا فی المفروضات التی لا تحقق لہا الا فی فرض الفارض
کانیاب الغول فتدبر الکلام حق التدبر مشہد
آخر اعلم ان الملل والمذاہب بالحقیقۃ یقال ملۃ حقۃ
ومذہب حق وینظر الناظر فی وصف احدہما
بذلک الی مطابقۃ الواقع لہ فتأملنا حقیقۃ
ہذا الواقع الذی ان وافقہ الشیء کان حقا
والا کان باطلا فوجدنا معنیین احدہما جلی
والآخر دقیق یدری من بعد التأمل فالجلی ان یکون
کل مسئلۃ من الاعتقادیات مطابقۃ لما علیہ المعتقد
فی الخارج مثلا یحکم بان اللہ یسخط ویغضب
ویکون الامر کذلک وبان الحشر الجسمانی کائن وہو
کذلک وکل مسئلۃ مما یحکم فیہا بوجوب وحرمۃ
مطابقۃ لما علیہ الامر المنعقد فی الملأ الاعلی مثلا
یحکم بان الصلوۃ واجبۃ ویکون فی الملأ الاعلی
مثالی من قضاء مضمونہ تحسین من تلبس بہا
وکونہا مستلزمۃ ترقیۃ تتشبث بذیل نسمتہ
فی الدنیا والآخرۃ وتنفیرہا آفات ظلمانیۃ عن نسمتہ حاصلۃ
من قبل الاستغراق فی الاحکام البہیمیۃ کما یستلزم
اکل الزنجبیل تسخین البدن وازالۃ البرودۃ عنہ
فہذا النازل ہنالک مطابق للحکم بوجوبہا وکل مسئلۃ
فیہا توقیت او تحدید مطابقۃ لقواعد الملۃ
کتوقیت الصلوۃ بالاوقات الخمس وتحدید الزکوۃ
بمائتی درہم وبالحول ویکون بحیث یثبت بین الاصل

وبین ہذہ الاشباح وجود تشبیہی

حاجت نہیں وسط میں لانے جواہر عقلیہ کے جو مرتسم ہیں اشیا کی صورتیں
مگر مفروضات میں جو متحقق نہیں ہیں مگر فرض کرنے والے کے فرض میں
جیسے دیو کے دانت پس غور کر اس کلام کو جیسا حق ہے اسکے غور کرنے کا
مشہد آخر جاننا چاہیے کہ ملتیں اور مذاہب وصف کی جاتی ہیں
ساتھ حقیقت کے کہا کرتے ہیں کہ ملت حقہ اور مذہب حق اور ناظر
نظر کرتا ہے وصف میں ایک ان دونوں کے پس ہم نے تامل کیا حقیقت
کو اس واقع کی اگر موافق ہو اوسکے شے کے تو حق ہے اور نہیں تو باطل
تو ہم نے دو معنے پائے ایک تو ظاہر اور روشن اور دوسرے دقیق و باریک
کہ بعد تامل معلوم ہونگے تو ظاہر روشن تو یہ ہیں کہ اگر ہو ہر مسئلہ
اعتقادیات سے مطابق واسطے اس شے کے جس پر اعتقاد کیا گیا خارج میں
مثلاً حکم کیا جاوے کہ اللہ خشم کرتا ہے اور غضب ہوتا ہے اور ہے امر یونہیں اور
یہ کہا جاوے کہ حشر جسمانی ہونیوالا ہے اور ہے یونہیں اور جو مسئلہ ہووے
کہ اسمیں حکم وجوب و حرمت کا ہو مطابق واسطے اس چیز کے
کہ جس پر منعقد ہے امر ملاء اعلی میں مثلاً کہا جاوے کہ نماز فرض ہے
اور ہو بیچ ملاء اعلی کے نازل مثالی اور مضمون اسکی تحسین
اس شخص کی جو متلبس ہوا اس سے اور اسکا ہونا مستلزم ہو اسکی
ترقی کا چنگل مارنے سے اسکے دامن نسمہ میں بیچ دنیا و آخرت
کے اور تنفیر ہیئت ظلمانیہ کے نسمہ سے کہ وہ ہیئت ظلمانیہ
حاصل ہوئی ہے استغراق سے احکام بہیمیہ میں جیسا مستلزم ہے
زنجبیل کا کھانا تسخین بدن کو اور دور کرنے برودت
کو انسان سے تو یہ نازل وہاں مطابق ہے واسطے حکم کے
فرضیت کے اور جو مسئلہ کہ اسمیں توقیت ہو یا تحدید مطابق
واسطے قواعد ملت کے جیسے نماز کہ پانچ وقت اور زکوۃ
کہ دو سو درہم اور برس پھر گذرنا اور ہو اس حیثیت
کہ ثابت ہو درمیان اصل اور درمیان اشباح کے وجود تشبیہی

في مدارك الملأ الاعلى فيكون هذا ذاك وذاك هذا
بهذا الاعتبار فاذا كانت الملة كذلك قيل انها حقة
وكذلك معنى حقية المذهب ان يكون الحكاية مطابقة
لما قاله رسول الله صلى الله عليه وسلم في نفس الامر
ولما كان عليه القرون المشهود لها بالخير وان
كانت المسئلة لا نص فيها ولا رواية فحقيتها
ان تكون محفوفة بقرائن تورث غالب الظن
بان النبي صلى الله عليه وسلم لو تكلم في المسئلة
لما نطق بغير هذا القول وان يكون وجه الاستخراج
والاستنباط ظاهرا لا ريب فيه للمحيط باساليب الكلام
ومقاصد الشارع في شرع الاحكام فهذا معنى
حقيقة المذهب واما الدقيق الذي يختص به بعض
فان يكون الحق علم جمع شمل اهواء الامم بان يلهم
مصطفى من عباده باقامة ملة من الملل فيصير
خادما لارادة الحق منصبا لظهور تدبيره وكنا
لفيض مدده الغيبي فيقال فيمن اطاعه من العبد
فقد اطاع الله ومن عصاه فقد عصى الله فصار
الرضى مقصورا في موافقة هذا التدبير والسخط
في مخالفته ومنافاته واذا كان كذلك فاحكام
الملة جميعا حقة والمنظور في صحتها بالحقية
حينئذ ظهور التدبير الالهي في هذا الشخص الخير
وكذلك المذهب ربما يكون العناية المتوجهة
الى حفظ ملة حقة متوجهة بحسب معدات
الى حفظ مذهب خاص بان يكون حفظة الملة
يومئذ هم القائمين بالذب عن الملة او يكون
شعارهم في قطر من الاقطار هو الفارق

مدارک ملاء اعلیٰ میں تو یہ وہی اور وہ یہی ہے اس اعتبار سے پس جب ہو ملت
ایسی تو کہا جائیگا کہ ملت حقہ ہے اور اسی طرح معنی حقیقت مذہب کے ہیں
کہ ہو حکایت مطابق واسطے اس چیز کے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے نفس الامر میں اور مطابق ہووے واسطے اس چیز کے کہ اس پر تھے وہ قرون کہ جنکے
واسطے شہادت ہے بہتری کی اور اگر ہو مسئلہ ایسا کہ جس میں نہ نص ہو اور نہ روایت
تو اسکی حقیقت محتاج قرائن کی ہے جو محفوف ہوں غالب ظن کے ساتھ
اسطرح کی کہ اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے بیچ اس مسئلہ میں تو یونہی فرماتے
اور یہ کہ وجہ اسکے استخراج کی اور استنباط کی ظاہر ہو ایسی کہ شک نہ کرے
وہ شخص کہ محیط ہو اسالیب کلام کا اور مقاصد شارع کا بیچ شرع احکام
کے پس یہ معنی ہیں حقیقت مذہب کے اور وہ جو دقیق ہے تو وہ باریک معنی ہیں کہ جو
بعض علوم سے سمجھے ہیں وہ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ امتوں کی جمعیت بکھری ہوئی کو ملانا
اور جمع کرنا اسطرح سے کرے کہ الہام کرے کسی برگزیدہ کو اپنے بندوں میں سے واسطے
اقامت کسی ملت کے پس ہو برگزیدہ خادم ارادہ حق کا اور منصب ہو اسکے
ظہور تدبیر کا اور آشیان ہو واسطے فیض مدد غیبی کا جسکو کہا جاوے
جسنے اسکی اطاعت کی اسنے اللہ کی اطاعت کی اور جسنے اسکی نافرمانی کی اسنے اللہ کی
نافرمانی کی اور ہو رضا موقوف اس تدبیر کی موافقت پر اور غضب اسکی مخالفت
اور منافات پر اور جب امر اسطرح ہو تو ہونگے احکام ملت کے سب کے سب
حق اور اسوقت اسکے حق کہنے میں منظور ظہور تدبیر الٰہی ہے بیچ
اس جسم و قالب کے نہ سوا اس کے اور
اسی طرح مذہب ہے کہ اکثر اوقات عنایات الٰہی
متوجہ ہوتی ہے حفظ ملت حقہ کی متوجہ بحسب
مقدرات کے طرف حفظ مذہب خاص کے اسطرح
سے کہ نگہبان مذہب کے اس دن ہوتی ہیں
قائم واسطے برائی دور کرنے کے
ملت یا ان کا شعار ہوتا ہے



فیوض الحرمین ۱۰۴ ترجمہ اردو فیوض الحرمین

بین الحق والباطل فحینئذ ینعقد وجود تشبیہی فی الملاء الاعلیٰ والسافل بان ملتہ ھی ھذا المذھب

تمت

اطراف کے کسی طرف میں تارق درمیان حق و باطل کے واقع ہو اس وقت منعقد ہوتا ہے وجود تشبیہی ملاء اعلیٰ میں اور سافل میں بایں طور کہ ملت یہی مذہب ہے

تمت

چند جدید مطبوعات کتبخانہ رحیمیہ [illegible]

نام کتب	قیمت	نام کتب	قیمت	نام کتب	قیمت
حیات المسلمین کلاں مکمل	عمر	تعلیمات الاسلام کا اثر اقوام	۳ر	خطبات الاحکام	۵ر
مکمل اعمال قرآنی ہر سہ حصہ	۱۰ر	صفائی معاملات	۵ر	مجموعہ خطبات ماثورہ	۱۲ر
الورد الشذی	للعہ	آداب المساجد	۵ر	خطب المنبریہ	۴ر
جواہر خمسہ کامل ہر سہ حصہ	عہ	المصالح العقلیہ و نقلیہ	سے	خطبہ مولانا اسماعیل شہیدؒ	۴ر
یادگار حسینی	عہ	فرائض اردو	۱۲ر	تیسیر المبتدی	۳ر
جدید مکمل و مدلل بہشتی زیور	[illegible]	تاریخ الاسلام	للعہ	[illegible]	۱۲ر
توبۃ النصوح	عہ	حیات شیخ الہند	سے	بہار ابرار	[illegible]
گلدستہ تعلیم الاسلام ہر پنج حصہ	۱۰ر	حکایات صحابہ	عہ	بہار بوستان	[illegible]
مالابد منہ فارسی	[illegible]	سیرت رسول مقبولؐ	عہ	حمد باری	۲ر
تکمیل الیقین	للعہ	نشر الطیب	سہ	پند نامہ	۲ر
تبلیغ دین عشی	[illegible]	[illegible]	سہ	گلستان	۶ر
تسہیل قصد السبیل	۸ر	الصالحات	۴ر	بوستان	سے
حقوق البیت	۲ر	عمدة اللغات القرآن	۶ر	آمدنامہ	۳ر
القول الصواب	۲ر	کریم اللغات	[illegible]	کریما جلی قلم	۳ر
آداب المعاشرت	۴ر	فیض سبحانی	سے	رسالہ نادر	۳ر

ہر قسم کی درسی و غیر درسی، مذہبی کتب، سستی، عمدہ، باکفایت

ملنے کا پتہ

ترجمہ اردو

کتبخانہ رحیمیہ



یہ کتاب اس پتہ سے بھی ملتی ہے۔ محمد عبدالعلیم صاحب مالک مطبع مجتبائی۔ دہلی ......

رب سہل یا الٰہی من [illegible]

الحمد للہ والمنۃ کہ اس رسالہ
متبرکہ میں حضرت مصنف علیہ الرحمۃ
نے بجواب خط آفندی اسمٰعیل بن عبداللہ الرومی ثم المدنی بین
اقوال شیخ اکبر قائل الوحدۃ الوجود و اقوال شیخ مجدد قائل
وحدۃ الشہود کے باحسن الوجوہ تطبیق دی ہے جو حضرات صوفیہ
کے دیکھنے کے لائق ہے۔ المعروف بمکتوب مدنی مع ترجمۂ اردو ملقب

فیصلہ وحدۃ الوجود والشہود

مصنفہ حضرت مجتہد الشریعت مجدد الطریقت ولی نعمت حکیم امت
مصطفویہ جد امجدی مولانا و مخدومنا و مرشدنا جناب
شاہ ولی اللہ صاحب محدث رحمۃ اللہ علیہ دہلوی جسکو
اس سے پہلے عموی مکرم مولوی سید احمد صاحب ولی اللّٰہی
مرحوم نے طبع کیا تھا جو ہاتھوں ہاتھ
فروخت ہوگیا اب انکے ہمشیرہ زادے

[illegible] تحفۂ ولی اللّٰہی نواسۂ جناب [illegible]

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

بار دوم — محبوب المطابع برقی پریس میں چھپوایا۔ — قیمت فی جلد

وحدت الوجود کے سلسلے میں شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا تحقیقی و علمی مقالہ جو آپ کے رسوخ فی التصوف کی واضح دلیل ہے۔



شاہ صاحب رح کا ذاتی تعارف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من العبد الضعیف احمد المدعو بولی الله
بن عبد الرحیم الدهلوی عفا الله
عنه ووفقه لما یحبه ویرضاه الی افندی
اسمعیل بن عبد الله الرومی ثم المدنی
اوصله الله تعالی الی ما یرجوه ویتمناه
اما بعد فانی احمد الیکم الله الذی لا اله
الا هو واصلی واسلم علی نبیه المصطفی
وآله واصحابه اجمعین قد وصل الی کتابکم
الذی سألتمونی فیه عن وحدة الوجود
علی ما ذکره الشیخ الاکبر واتباعه وعن
وحدة الشهود علی ما ذکره الشیخ المجدد
وهل یمکن التطبیق بینهما رضی الله تعالی
عن الجمیع وارضاهم. فاعلموا
اخوانی رحمکم الله ان لکل
زمان ولکل قرن علما اصحابهم
فی تقاسیم رحمة الله عز وجل

بندہ ضعیف احمد جسے ولی اللہ کہتے ہیں
ابن عبد الرحیم دہلوی عفی عنہ کیطرف سے خدا تعالے
اُسے توفیق دے اُسکی جو اُسے محبوب ہے اور جس
وہ راضی ہو آفندی اسمعیل بن عبد اللہ رومی ثم المدنی
کیطرف خدا تعالی اُنکی اُمیدیں اور آرزوئیں برلاوے
اسکے بعد میں خدا تعالی کی حمد کرتا ہوں اُسکے سوا کوئی
الہ نہیں اور میں درود بھیجتا ہوں اسکے نبی مصطفیٰ پر اور
آل وصحابہ پر سب پر۔ آپکا خط مجھکو پہنچا جسمیں آپنے
دریافت کیا ہے وحدت وجود کو جیسا
بیان کیا ہے شیخ اکبر اور اُن کے پیرووں نے
اور وحدت شہود کو جیسے ذکر کیا ہے شیخ مجدد نے
اور اس امر کو کہ تطبیق دونوں قولوں میں ممکن ہے
یا نہیں خدا اُن سب سے راضی ہو اور اُنکو خوش رکھے
تو جان لینا چاہیئے اے میرے بھائی خدا تم پر
رحمت کرے کہ ہر زمانہ میں ایک قرن ہے
اور ہر قرن میں اللہ کی رحمت کی تقسیم کا ایک علم ہے

ابن عربی رحمہ اللہ کے محقق حسن [illegible]

وان تأملتم حال اوائل هذه الامة المرحومة حين لم تدون علوم الشرع ولا فنون الادب ولا وقع عنها كثير وانه لم يزل الهام الحق يبرز في صدورهم علمًا بعد علم على حسب حكمته في كل دورة لم يخف عليكم هذه المعنى وان نصيبنا في هذه الدورة من تقاسيم رحمة الله ان يجتمع في صدورنا علوم علماء هذه الامة معقولها ومنقولها ومكشوفها وينطبق بعضها على بعض ويضمحل الخلاف بينهما، ويستقر كل قول في مقره فهذا الاصل منسحب على فنون العلم من الفقه والكلام والتصوف وغيرها بحمد الله وتوفيقه واعلموا ان معرفة الحق على ما قاله الخضر كبحر لجي لا مبدأ ولا منتهى له وان المتكلمين بها كالابرة المغموسة فيه لم ينقص من البحر شيئًا او كالعصافير تشرب منه حاجتها ثم تصدر فكل واحد لا يخبر الا عن كمال دون كمال ولا يصف الا جمالا دون جمال، وعلى تفنن واصفيه بوصفه

جو اہل قرن کو پہونچتا ہے اور جو تم غور کرو اس اُمت مرحومہ کا حال اوائل جب شرع جمع و تصنیف نہیں ہوئی تھی اور نہ فنون ادب اور نہ اُن کی بہت ، بحث تھی۔ اور بیشک اللہ کا الہام اُن کے سینوں میں ظاہر کرتا ہے ایک علم بعد ایک کے اپنی حکمت کے موافق ہر دورے میں یہ امر کچھ تم پر مخفی نہیں۔ اور ہمارے حصہ میں اس دورے میں اللہ کی رحمتوں کی تقسیموں میں یہ ہے کہ جمع ہوں ہمارے سینوں میں علوم اس اُمت مرحومہ کے علماء کے علم معقول و علم منقول اور علم مکشوف اور مطابق ہوں بعض علم بعضے علموں سے۔ اور خلاف درمیانے مٹجائے اور ہر قول اپنے مقام پر قرار پائے تو یہ اصل و قاعدہ مقرر ہوا ہے۔ فنون علم فقہ اور کلام اور تصوف وغیرہ میں اللہ کا شکر ہے اور اُسکی توفیق ہے اور یہ جانئے کہ اللہ کی معرفت بموجب قول خضر علیہ السلام کے مانند ایک دریا بے پایان کے ہے جسکی نہ ابتدا نہ انتہا اور اس دریا میں متکلمین ایسے ہیں جیسے ایک سوئی کو غوطہ دیکر دریا میں سے نکال لیتو دریا کا کچھ کم نہیں ہوجاتا۔ یا چڑیا پانی پی جاوے تو دریا کچھ کم نہیں ہوتا پس ہر شخص ایک کمال کی خبر دیتا ہے نہ دوسرے کی اور ہر کوئی ایک جمال کا وصف کرتا ہے سوا اور جمالوں کے بموجب اس شعر کے جسکا مضمون یہ ہے کہ وصف کرنیوالوں کے

قول خضر علیہ السلام

ونفنى الزمان ولم يوصف وفى مثل هذه المواضع يتفرق السمعو فرق فمن عرف مسقط اشارة كلواحد والمواضع الذى اخبر عنه، جعل كل قول قيل فى محله صدق الجميع ومن حاله اختلاف العبارات تنوع الاشارات ولم يقدر على الخلوص منها الى حيز الاختلاف لكن هذا بقى فى حيرته مثل ذلك كمثل اناس عميان التقوا الشجرة يلتمسونها ويذوقونها فوجد بعضهم اوراقها وبعضهم اغصانها وبعضهم ازهارها وبعضهم اثمارها ثم قعدوا يتحدثون فقال بعضهم ان الشجرة اجسام ملس، وقال الاخر انما هى اعواد وقال بعضهم انما هى فى غاية اللين والنعومة وقال الاخر فى غاية الخشونة والصلابة وقال الاخر فى غاية الحلاوة قال الاخر فى غاية المرارة والعفوصة وقال الاخر انها لا طعم لها اصلا وقال بعضهم لها رائحة طيبة وقال، الاخر لا رائحة لها فلما اختلفوا وبلغهم جعل بعضهم يكذب بعضا وجعل بعضهم يسب بعضا فجاء رجل اخر مميزا منهم بالابصار وان كان دونهم فى كثير من الاصناف التى يمدح الناس بها

تفنن میں زمانہ گذر جاتا ہے اور اُسکا وصف نہیں ہو سکتا۔ اور ایسے موقعوں میں سننے والونکے فرقے ہو جاتے ہیں۔ اسمیں جسنے ہر ایک کے اشارہ کے مقام کو پہچان لیا۔ اور اس جائے کو جسکی خبر دی ہے وہ ہر قول کو اسکی جای مقرر کرتا ہے اور سبکے قول متفرق کی تصدیق کرتا ہے اور جو پڑگیا اختلاف میں عبارتوں کے اور طرح طرح کی اشارونکے اور وہ اسمیں سے نکل نہ سکا اور پہنچ سکا اوس مقام اختلاف تک وہ حیران ہوگیا اسکی مثال ایسی ہے جیسے کچھ اندھے درخت ڈھونڈتے تھے اسکو گھیر لیا انہوں نے بعضون نے تو اس درخت کے پتے معلوم کیئے اور بعضون نے اسکی ٹہنیاں اور بعضون نے اسکے پھول اور بعضونے پھل پھر بیٹھکر باتیں کرنے لگے بعضون نے تو کہا کہ درخت جسم نرم ہے اور بعضون نے کہا کہ درخت لکڑیاں ہیں اور بعضون نے کہا وہ نہایت، نرم و نازک ہے اور بعضون نے کہا نہایت کھردرا اور سخت ہے اور بعضونے نہایت میٹھا ہے اور بعضون نے کہا بہت کڑوا اور کسیلا ہے۔ اور بعضون نے کہا کچھ مزہ اسمیں نہیں اور بعضونے کہا نہایت خوشبو ہے اور بعضون نے کہا اسمیں کچھ بو ہی نہیں سب کے قول مختلف ہوئے۔ ایکدوسرے کو جھٹلانے لگے بعضے گالیاں دینے لگے ایکدوسرے کو آخر ایک شخص اور آیا جو ان سے ممتاز تھا آنکھوں کے سبب۔ اگرچہ کم تھا ان وصفوں میں جنکی

بعضهم بعضا كحسن الصوت، وقوة البطش وكمال السمع و الذوق واللمس فقال كلامكم جميعكم صحيح فى الاصل خطأ باعتبار الحصر ثم انه ارجع كل قول الى مرجعه و بين لكل اشارة مسقط يسقط عليه ثم ان العارفين الجامعين بين علم الظاهر والباطن قد يكون كشفهم صحيحا ويلحقهم بعض الخطاء فى توجيه كلام القدماء وتعيين مرامهم وهذ الخطاء لايقدح فى معرفتهم بالله ولا يضر كمالهم فان توجيه الكلام وتعيين محله خارج عن الكشف شعبة من الاجتهاد والتحرى الذين يشاركهم فيها علماء الظاهر بل العوام ايضا واعلموا ان وحدة الوجود ووحدة الشهود لفظان تطلقان فى موضعين فتارة تستعملان فى مباحث السير الى الله عزوجل فيقال هذا السالك مقامه وحدة الوجود وذلك مقامه وحدة الشهود ومعنى وحدة الوجود ههنا الاستغراق فى معرفة الحقيقة الجامعة التى يفنى العالم فيها بحيث يسقط عنه احكام التفرقة والتمائز التى معرفة الخير والشر مبنية عليها والشرع والعقل مخبران عنها منبأن لها التميان

بہت لوگ تعریف کرتے ہیں ایک دوسرے کی جیسے خوش آوازی۔ اور قوت وتوانائی کمال سماعت۔ اور ذوق اور لمس میں او سنے کہا تم سبکا کلام اصل میں صحیح ہے اور حصر کے اعتبار سے خطا ہے پھر اُنے ہر ایک قول کو اُسکے مرجع کیطرف رجوع کیا۔ اور بیان ہر اشارہ کا مقام پھر جو عارف صاحب ظاہر و باطن ہیں دونوں کے جامع ہیں کبھی اُنکا کشف صحیح ہوتا ہے۔ اور اسکو کبھی خطا لاحق ہو جاتی ہے۔ پہلے لوگوں کی وجہ بیان کرنے میں اور اُن کے مطلب کے متعین کرنے میں اور یہ خطا کچھ اونپر اعتراض نہیں اللہ کی معرفت میں اور اُنکے کمال کو نقصان نہیں پہچاتی، کیونکہ توجیہ کلام اور اسکے محل کا متعین کرنا کشف سے خارج ہے یہ تحری واجتہاد کا شعبہ ہے جسمیں علمائے ظاہر شریک ہیں بلکہ عوام بھی یہ جانو کہ وحدت الوجود اور وحدت الشہود دو لفظ ہیں کہ دو جای بولے جاتے کبھی تو مستعمل ہوتے ہیں بحث میں سیر الی اللہ کے۔ تو کہا جاتا ہے کہ اس سالک کا مقام وحدت الوجود ہے اور اس سالک کا مقام وحدۃ الشہود ہے۔ اور معنی وحدت الوجود کے یہاں استغراق ہے معرفت میں ایسی حقیقت جامعہ کے جو عالم کو فانی کرتی ہے اس حیثیت سے کہ ساقط ہو جائیں۔ اس سے احکام تفرقہ اور تمیز کی جنپر معرفت خیر و شر کی ہے۔ اور شرع اور عقل اون سے خبر دیتی ہے اور بہت بیان اور

وحدت الوجود اور شہود کی تعریف و استعمال



وحدت الشہود

وا و فی لحبار هذا مقام محل فیه
بعض السالکین حتی مخلصه الله تعالیٰ
منه ومعنی وحدة الشهود الجمع
بین احکام الجمع والتفرقة فیعلم ان
الاشیاء واحدة بوجه من الوجوه،
کثیرة متباینة بوجه اٰخر وهذا المقام اتم و
ارفع من الاول وهذ الاصطلاح
اخذته عن بعض اتباع الشیخ ادم البنوری
قدس سره وتارة تستعملان فی معرفة حقائق
الاشیاء علی ما هی علیه فنظروا فی وجهة ارتباط
الحدیث بالقدیم فوقع عند قوم ان
العالم اعراض مجتمعة فی حقیقة واحدة
کما ان صورة الانسان وصورة الفرس
وصورة الحمار متواردات علی الشمع،
والطبعیة الشمعیة باقیة فی
جمیع الحالات لکن الشمع لا یسمی
باسم التماثیل لکن لا وجود لها الا
بضمیمة هی الشمع ووقع عند اٰخرین
ان العالم عکوس الاسماء والصفات
انطبعت فی مرایا الاعدام المقابلة،
لتلک الاسماء والصفات کما ان القدرة
تقابلها عدم وهو العجز فلما
انعکس ضوء القدرة فی مرٰاة العجز صارت قدرة
قدرة ممکنة وعلی هذا
القیاس سائر الصفات

خبریں اسکی وہی ہیں اور یہ ایسا مقام ہے
جس میں بعضے سالک پھنسے رہتے ہیں جبتک
اللہ اُس سے خلاصی دے اور وحدت الشہود کے
معنی ہیں ۔ جمع کرنا احکام جمع اور تفرقہ کا یعنی
جانا جاتا ہے ۔ کہ سب چیزیں واحد ہیں ایک وجہ کر
اور بہت مغائر ہیں ایک وجہ سے اور یہ مقام
اتم اور ارفع ہے پہلے مقام سے اور یہ اصطلاح
مینے اخذ کی ہے شیخ آدم نوری قدس سرہٗ کے
بعضے اتباع سے ۔ اور کبھی وحدۃ الوجود اور وحدۃ
الشہود دونوں لفظ مستعمل ہوتے ہیں حقائق اشیاء کی
معرفت پر جیسے وہ ہیں پس نظر کہ حادث اور قدیم کی
ربط پر تو ایک قوم کے نزدیک واقع ہوا کہ عالم اعراض
مجتمع ہیں حقیقت واحد میں جیسے صورت انسان
کی اور صورت گھوڑے کی اور صورت گدھے کی
ان سب کو موم کی بنالیں تو موم کی طبیعت باقی
ہے ہر حال میں ۔ اب اُس موم کی صورت کو
موم نہیں کہتے بلکہ کہتے ہیں یہ انسان ہے یہ گھوڑا
وغیرہ ہے ۔ لیکن وہ صورتیں حقیقت میں تماثیل
ہیں جنکا وجود نہیں مگر موم کے سبب اور ایک
قوم کے نزدیک یہ واقع ہوا کہ عالم جو ہے
عکس ہے ۔ اسماء و صفات کے جو منطبع ہوئے ہیں
اعدام کے آئینوں میں وہ اعدام جو اُن اسماء
و صفات کے مقابل ہیں جیسے قدرۃ کے مقابلہ میں
عدم کہ وہ عجز ہے تو جب منعکس ہوئی قدرت کی روشنی عجز
کے آئینہ میں تو ہوگئی قدرت ممکنہ اور اسیطرح



والوجود ايضا على هذا
الاسلوب فالمذهب الاول يسمى
بوحدة الوجود والثاني بوحدة
الشهود وقد وقع عندنا ان
للكشوفين صحيحان جميعا لكن
القول بان وحدة الشهود على
هذا المعنى لم يقل به الشيخ العربي
سهو بل الشيخ واتباعه بل الحكماء
ايضا يقولون بها وذلك لان
محصل هذا القول بعد التهذيب
والتخليص من المجازات والاستعارات التي
اوجبت صعوبة الفهم هو ان حقائق
الامكانية اضعف وانقص والحقيقة
الوجودية اتم واقوى بحيث يمكن
ان يقال للحقائق الامكانية انها
اعدام ظهر فيها صور الموجودات
ولا خفاء ان هذا القول متفق
عليه وهذا الذي سألتموني
عنه يحتاج الى تفصيل فاسمعوا
لما يتلى عليكم باذان واعية اعلموا
رحمكم الله ان اول ما يفهم المسلم
ويخلص اليه من نصوص الكتاب
والسنة بل يخلص الى كل صاحب عقل
ان الحق عز وجل موجود جزئي
مثل سائر الجزئيات الا انه قديم مو

باقی صفات کا حال ہے۔ اور وجود بھی اسی
طریق پر ہے۔ تو پہلے مذہب کا نام وحدت
الوجود ہے۔ اور دوسرے کا نام وحدت شہود
ہے اور ہمارے نزدیک دونوں مکاشفے
صحیح ہیں۔ لیکن یہ کہنا کہ شیخ عربی نے
وحدت شہودی اس معنی پر نہیں کہے۔ یہ سہو
ہے بلکہ شیخ اور اتباع شیخ نے بلکہ حکما نے
بھی کہی ہے۔ اسواسطے کہ اس قول کا محصل
بعد تہذیب و تخلیص مجازا۔ اور استعاروں کے
جو واجب دیتے ہیں صعوبت فہم کو یہی ہے
کہ حقایق امکانیہ بہت ضعیف اور بہت
ناقص ہیں۔ اور حقیقت وجودیہ بہت
پوری اور بہت قوی ہے۔ اسی حیثیت
کہ ممکن ہے۔ کہ یہ کہا جائے۔ کہ حقایق
امکانیہ اعدام ہیں کہ انمیں صور موجودات ظاہر
ہوئیں۔ اور کچھ چھپا نہیں کہ یہ قول متفق
علیہ ہے۔ اور یہی ہے وہ جو تم نے ہم
سے دریافت کیا ہے۔ اسکی تفصیل کی حاجت ہے
پس تم سنو جو بیان کروں خوب غور
سے جانو تم اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے
کہ جو مسلمان پہلے سمجھتا ہے اور جس سے
رہائی پاتا ہے۔ نصوص کتاب اور سنت کو
بلکہ صاحب عقل سے وہ یہ سمجھے ہے حق
عزوجل موجود جزئی ہے مانند اور
جزئیات کے مگر وہ قدیم ہے عالم میں

في العالم خالق لهم رازق
اياهم وهذا العلم هو الذي يجده
في صدره كل عاقل قبل ان يمارس
رياضة نفسانية او يمعن في المعقول
وهو كلف به الشرع الناس والشرع
الالهي لم يكلف الناس الا بما اودعه
الله عز وجل في فطرتهم تحت الصور النوعية
سواء كان ذلك الشئ تكلفه علما او عملا
ولم يحتج الشرع عليهم الا بما يهتدي اليه
فطرتهم وهو متمكن فيهم قال الله
تبارك وتعالى فطرة الله التي فطر الناس
عليها لا تبديل لخلق الله وقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم كل مولود يولد
على الفطرة الحديث وهذا معرفة
صحيحة واشارة صادقة مرجعها التجلي
من التجليات الحق عز وجل قديم برز
في النفس الرحماني قبل ان يتحقق الزمان ويجي
حديث الحدوث وذلك لان النفوس
البشرية لها انجذاب اليه كما انجذب
الحديد الى مقناطيس وميلا اليه
مثل ميل النار الى جهة الفوق وميل
الارض الى جهة التحت وما صدق
ما قال بعضهم ؎ لقد صرت
مقناطيسها فقلوبنا * بجذبك اياها
اليك تميل * فسمي الحق

موثر ہے اور خالق اور رازق سکا ہے اور
یہ وہ علم ہے۔ جو ہر صاحب عقل اپنے سینہ مین پاتا
ہے۔ پہلے اس سے کہ ریاضت نفس کی مشق کرے
یا غور کرے معقول مین اور وہ یہ ہے جسکے
سبب شرع نے لوگون کو مکلف کیا ہے اور شرع
الہی اُسی کی تکلیف دیتی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ
نے انکی فطرت میں امانت رکھا ہے۔ موافق
صورت نوعیہ کے برابر ہے خود وہ شے کہ جسکے سبب
تکلیف دیجاتی ہے ازروئے علم وعمل کے ہو اور
شرع شریف کے لوگون پر بجز اسکے خدا تعالیٰ نے انکی
فطرت میں مسکن یعنی رکھ چھوڑا ہے حجت قائم نکرے چنانچہ
خدا تبارک تعالیٰ فرمایا ہے فطر اللہ التی فطر الناس علیہا لا
تبدیل لخلق اللہ اور رسول اللہ صلعم نے فرمایا کل مولو
یولد علی الفطرۃ الحدیث اور یہ معرفت صحیح
اور اشارہ صادق ہے۔ کہ اس کا
مرجع اللہ تعالیٰ کی تجلیون مین ایک تجلی
قدیم ہے ظاہر ہوا۔ نفس رحمانی میں اس سے
پہلے کہ زمانہ متحقق ہوا اور حدوث کی حدیث
ہو اور یہ اسلئے کہ نفوس بشریہ کو اسکی طرف
کشش ہے جیسے لوہے کو کشش ہے مقناطیس
کیطرف اور آگ کو میل ہے فوق کیطرف اور
خاک کو میل ہے تحت کی طرف کیا خو
اور تج کسی نے یہ شعر کہا ہے ؎
لَقَدْ صِرْتُ مِقْنَاطِیسَہَا فَقُلُوبُنَا * بِجَذْبِکَ اِیَّا
اِلَیْکَ تَمِیْلُ * پس نام رکھا گیا حق کا

www.ubqari.org



و

عز وجل الوصول اے ھذا التجلی یتعلق
بلقاء اللہ وجعل کل ما یعین الانسان علی
ھذا الوصول یتجلی اللہ صدرہ عند طاعۃ وجعل کل
ما یبعدہ عنہ او یعلق قلبہ عنہ اثما والی
ھذا المعنی اشار النبی صلی اللہ علیہ وسلم
حیث قال سترون ربکم عز وجل کما ترون القمر
لیلۃ البدر لا تضامون علی رویتہ فان
استطعتم ان تغلبوا علی صلوۃ قبل طلوع
الشمس و قبل غروبہا فافعلوا و ھذا التجلی
ھو میزان الخیر و الشر کما اشرنا الیہ و
ھذا التجلی ھو الذی ینطبق علیہ الاسماء الالٰہیہ
تسعۃ التسعون و ھو الذی اخبر عنہ النبی صلعم
حین سئل این کان ربنا قبل ان یخلق خلقہ
فقال کان فی عماء ما فوقہ ھواء و ما تحتہ
ھواء و ھو الذی اخبر عنہ الصوفیہ بقولہم
ان الوجود ظھر فی مظہرین مظہر واجب
لہ التاثیر و القہر و الفعل و التنزہ و ھو
مظہر ممکن لہ التاثیر و الانقہار و الانفعال
و التلوث و قال الشیخ محی الدین ابن علی
العربی ذوق الانبیاء و الاولیاء یدل علی
ان ھذا الشی ارادۃ متحدۃ انتہی فمن اثبت ھذا التجلی
ھو اصاب الفطرۃ التی فطر الناس علیہا و اوفق
الانبیاء و الاولیاء فی معرفتہم بربہم و من لم یثبتہ
اخطأ الفطرۃ و مابین الانبیاء و الاولیاء فی معرفتہم
بربہم و صار زندیقا دھریا و کذلک کل من انکر

وصول اس تجلی کا موت کے بعد لقاء اللہ اور
گردانی گئی جو چیز کہ اعانت کرے انسان کی اس
وصول پر کہ اسکا سینہ روشن ہوتا ہے عبادت اور
جو چیز کہ اُس سے دور کرے اور دل اُسکا متعلق ہو اسکا نام
گناہ اور اسی معنی کیطرف اشارہ فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے جو فرمایا ہے سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ عَزَّ وَجَلَّ کَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَیْلَۃَ
الْبَدْرِ لَا تُضَامُّوْنَ فِیْ رُؤْیَتِہٖ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَغْلِبُوْا
عَلٰی صَلٰوۃٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِہَا فَافْعَلُوْا
اور یہی تجلی میزان ہے خیر و شر کی جیسے ہم اشارہ
کر چکے ہیں۔ اور یہی تجلی ہے جسپر اللہ تعالیٰ کے
نودنہ نام منطبق ہوتے ہیں اور وہ یہی تجلی ہے
جسکی نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے خبر دی ہے
جب کسی نے آپ سے پوچھا۔ کہ ہمارا رب کہاں تھا جب خلقت
کو پیدا نہیں کیا تھا۔ تو آپنے فرمایا کہ عماء میں کہ اسکے
فوق بھی ہوا ہے اور تحت بھی ہوا۔ اور یہی جو صوفیوں نے کہا ہے
کہ وجود ظاہر ہوا دو مظہروں میں ایک مظہر وہ جسکو
تاثیر واجب ہے۔ اور قہر اور منزہ ہونا۔ اور ایک
مظہر وہ جسکے لیے ممکن ہے تاثیر اور قہر اٹھانا اور
فعل قبول کرنا۔ اور آلودگی اور کہا ہے شیخ محی الدین ابن
علی عربی نے کہ انبیاء اولیاء کا ذوق دلالت کرتا ہے
کہ وہاں ارادہ متحدہ ہے انتہی پس جسنے ثابت کیا اس تجلی کو ایسا
جیسے وہ ہے تو اس فطرت کو پہونچ گیا جس فطرت پر اللہ نے
لوگوں کو پیدا کیا ہے اور موافق ہوا اللہ کی معرفت میں انبیاء
اور اولیاء کی اور جسنے ثابت کیا اُسنے خطا کی فطرت میں اور اسمیں جو بیان کیا ہے
انبیاء اولیاء نے اللہ کی معرفت میں اور زندیق اور دہریہ ہو گیا اسیطرح

[illegible]

[illegible]

علما اودعه الحق في جذر فطرة الانسان و ادار عليه التكليف فهو الزنديق وكذا من العلوم ان الفطرة التي يكون منكرها زنديقا ان حقائق الاشياء ثابتة وان للاشياء وجودات خاصة يدور عليها خواصها كالنار محرق والماء مطفي والزنجبيل حار والكافور بارد والصدق خير والزنا شر فمن لم يقل بذلك قامت عليه الحجة من نفسه على نفسه وكذبته الدلائل من نفسه على نفسه ووقع في هوة من تهافت الاقوال والاراء وقد عرفنا من سنة الشارع عليه الصلوة والسلام انه يمنع التعمق من طور الفطرة ونهى عن الخوض فيما سوى ذلك الا ان الصوفية عرفوا ان النهي انما جرى على العقل وعلى صورة الانسانية فلو ان انسانا استعمل فيه عقله وخاض في ذلك لانه انسان كان منهيا عنه لكنهم يخوضون بطور وراء طور العقل وبناهم من البشر بالجملة فقد خاض الناس بعد احكام هذا الاصل الذي جبلوا عليه في علم آخر وهو ان الاشياء المعقولة والمحسوسة مشتركة في الوجود وهو المعنى الذي به تفارق هذه الاشياء المعدوم فانا قد نتصور المثلث مثلا ونعقل انه ليس بموجود وقد نتصوره ونعقل انه موجود ولا بد ان المثلث الثاني يفارق المتصور الاول

جسنے انکار کیا اُس علم کا جو اللہ نے فطرت انسان کی اصل میں امانت رکھا ہے اور اُسپر احکام شرع کا مدار ہے وہ بھی زندیق ہے اور اسطرح علوم سے ہے ایسی فطرت جسکا منکر زندیق ہے یہ حقائق اشیا ثابت ہیں۔ اور یہ کہ اشیا کیواسطے وجود خاص ہیں جنپر انکے خواص کے حکم کا مدار ہے جیسے آگ اسکا خواص جلا دینا ہے۔ اور پانی کا خواص بجھا دینا اور سونٹھ گرم ہے۔ اور کافور سرد ہے اور سچ خیر ہے اور زنا شر ہے جو اسکا قائل ہو تو خود اسکے نفس سے حجت قائم ہوگی اور جھٹلائیگی خود اسکی نفس کی اور پڑ جائیگا گڑھے میں تناقض یعنی پستی اقوال و آرا کیطرف اور ہمنے جان لیا ہے سنت شارع علیہ السلام سے کہ انہوں نے منع کیا ہے طور فطرت سے تجاوز کرجانیکو۔ اور منع کی خوض کرنے میں اسکے سوائے لیکن صوفیوں نے یہ پہچان لیا ہے کہ نہی بیشک جاری ہوئی ہے عقل پر۔ اور صورت انسانیہ پر تو انسان اگر اسمیں عقل صرف کرے اور خوض کرے اسمیں اس سبب سے کہ وہ انسان ہے تو اس سے منہی ہے۔ لیکن وہ خوض کرتے ہیں ایسے طور سے جو عقل کیطرف سے آگے ہے اور اس حیثیت سے کہ وہ بشر ہیں الحاصل بیشک لوگوں نے خوض کی بعد احکام اس ایسی اصل کے جسپر سرشت اور جبلت کیگئے ہیں ایک اور علم میں اور وہ علم یہ ہے کہ اشیاء معقولہ و محسوسہ مشترک ہیں وجود میں اور وہ ہی معنی ہیں جس سے جدا ہوئے یہ اشیاء معدوم کیونکہ کبھی تصور کرتے ہیں مثلث کا مثلا۔ اور ہم جانتے ہیں کہ وہ موجود نہیں اور کبھی ہم تصور کرتے اور جانتے ہیں کہ وہ موجود ہیں اور ضرور پہلے مثلث سے جو دوسرا مثلث متصور ہے وہ علیحدہ اور جدا ہے اور

[illegible] ۱۲

جدا جدا ہوئی ۱۲

والذی هو یفارقه هو الموجود وهو لم یکون مبدأ
للقابلية والفاعلية فی هذه الاشياء ثم ان فی الماهيات
وهی الخصوصيات الزائدة علی الوجود والامور التی بها
يسمی الفرس والانسان والحمار والبعير بهذه الاسماء
والتی بها يقدر فی انفسها لكل منها من الاحكام
والآثار ثم اختلفوا فی حقيقة هذا الوجود و
كيفية انضمامها فقيل الوجود امر انتزاعی يتصف
به الماهيات والجاعل لم يجعل الماهية ماهية
موجودة اقول هذا القول صادق فی نفسه،
خطأ باعتبار حصر معرفة الوجود وجود لكن ذكر
فی بحث الوجود الحقيقی فانا ندرك لا محالة
امر انتزاعيا نسميه بالوجود ونصف به الماهيات
والاتصاف به اثر من آثار جعل الجاعل سبب له
وقيل الجاعل جعل الماهية واصدرها من نفسه
وبعد اصدارها نظر الناظرون الی بعض
احوالها من ظهور الفاعلية و
القابلية ونحو ذلك فارتسم فی
صدورهم عند ذلك صورة تسمی بالوجود
اقول هذا ايضا قول صادق فی نفسه
خطاء باعتبار حصر معرفة الوجود فيه
فانا ندرك قطعا امورا متمائزة فی الخارج
نسميها بالاسماء المختلفة ولا جرم انها اثر الجاعل
والحق ان هنالك وجودات خاصة نسميها بالماهيات
محفوفة بين وجودين آخرين احدهما الوجود
الواحدة فی المنبسط علی هياكل الموجودات وهو

جس سے دونوں میں جدائی ہے وہ موجود ہے، اور وہی مبدء قابلیت
اور فاعلیہ ان اشیاء میں اور متمایز یعنی امتیاز دینے والی ماہیات کا
کہ وہ خصوصیات زائدہ ہیں۔ وجود کے اور وہی ایسے امور جنسے نام
رکھا گیا ہے۔ گھوڑا اور انسان اور گدھا۔ اور اونٹ ان
ناموں سے اور وہ ہی جنسے مقدر کئے گئے ہیں احکام اور آثار
پھر اُن لوگوں نے اختلاف کیا اس وجود کی حقیقت میں
اور اسکے انضمام کی کیفیت میں تو بعضوں نے کہا کہ الوجود امر
انتزاعی یتصف به الماہیات۔ یعنی وجود ایک امر انتزاعی ہے
جس سے ماہیتیں متصف ہوتی ہیں۔ اور جاعل نے ماہیتوں کو
ماہیت کیا نہ وجود کو وجود لیکن ماہیتوں کو موجود کر دیا ہے
میں کہتا ہوں یہ امر سچا ہے فی نفسہ خطا ہے باعتبار حصر معرفت وجود کے
لیکن اسکا ذکر بحث حقیقی کا ہے کیونکہ ہم ادراک کرتے ہیں ضرور
ایک امر انتزاعی جسکا ہم نام رکھتے ہیں وجود اور اس سے وصف کرتے ہیں
ماہیات کا۔ اور اُس سے وصف کرنا ایک اثر ہے اثروں سے جعل جاعل کی
اور سبب ہے اور بعضوں نے کہا کہ جاعل نے بنایا ماہیتوں کو اور
صادر کیا اپنے نفس سے اور بعد ان ماہیتوں کے صادر ہونیکے دیکھنے
والوں نے دیکھا۔ اور ماہیتوں کا بعض حال ظہور فاعلیت اور
اور قابلیت وغیرہ کا تو اُنکے دلمیں منتقش ہوئی ایک صورت
کہ اُسکا نام وجود ہے۔ میں کہتا ہوں یہ بھی قول صادق ہے
فی نفسہ اور خطا ہے باعتبار حصر معرفت وجود کے بیچ اسکے
کیونکہ ہم ادراک کرتے ہیں قطعی ایسے امور متمائزہ فی الخارج
جنکے ہم مختلف نام رکھتے ہیں اور ضرور وہ اثر جاعل کا ہے
سچ بات یہ ہے کہ وہاں وجودات خاصہ ہیں جنکا ہم نام ماہیات
رکھتے ہیں۔ کہ وہ محفوف ہیں درمیان دو اور وجودوں کے
کہ ایک اُنمیں کا وجود واحد منبسط علی ہیاکل الموجودات کہ وہ

[illegible] محفوفات کے [illegible]

على الوجودات الخاصة والوجودات الخاصة تنزلات
وتعينات لبعض عمومه حاصلة من ارتباط
معلومة الالهية مجهول الكيفية بينه وبين الماهيات
التي هي شيون هذا الوجود المنبسط وصورة
العلمية وثانيهما الوجود المنتزع من ملاحظة
الوجودات خاصة اجمالا فكل واحدة من
هذين القائلين اصاب الحق واخطأ في لاكتفائهما
لايشفي عليلا ولا يطفي غليلا وقالت الصوفية
القائلة بوحدة الوجود الشيء الذي يكون في الخارج
ويترتب عليه الآثار الخارجية لايخلو من
ان يكون في حاصله في الخارج وفي
ترتيب الآثار الخارجية عليه محتاجا الى
ضم ضميمة فالاول هو الممكن والثاني هو
الواجب وقد ادركنا بذوقنا
ان هذه الضميمة هو الوجود
المنبسط على هيا كل الموجودات،
وهو شيء قائم بذاته مقوم
لغيره وليس لغيره وليس متعين
في نفسه مختصا بنوع من الآثار المعلومة
عند الناس لكن له تنزلات علما وعينا
فتلك التنزلات صار متعينا مختصا بآثار
خاصة واول مراتب تنزله تجليه بنفسه
بشان كلي لايخرج عنه شان البتة ثم
تنزله الى تفاصيل تلك الشان الكلي في
في العلم دون العين ثم تنزله في تلك ا

متقدم ہو وجودات خاصہ پر اور وجودات خاصہ تنزل اور تعینات
ہیں اسکے بعض عموم کی ارتباط کی ارتباط علوم الٰہیہ مجہول الکیفیہ
سے۔ درمیان اسکے اور ماہیات کے ایسی ماہیات
جو شیون ہو۔ اس وجود منبسط کے اور صورت علمیہ کے
اور دوسرا وجود منتزع ہے ملاحظہ وجودات خاصہ
سے اجمالاً تو ہر ایک ان دونوں قولوں میں سے
حق کو پہنچ گیا۔ اور خطا کی۔ اس سے جس سے بیمار نہ
شفا پائے۔ اور پیاسے کی پیاس نہ بجھے اور صوفیہ
قایل وحدۃ وجود کے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جو شی خارج
میں ہو اور اس پر آثار خارجیہ مرتب ہوتی ہیں
وہ دو حال سے خالی نہیں کہ یا تو اسکے حصول میں
خارج میں اور جو آثار اسپر مترتب ہوتے ہیں خارج
میں حاجت ضم ضمیمہ کی ہے یا حاجت ضم ضمیمہ کی نہیں
تو جسمیں حاجت ہو وہ ممکن ہے اور جسکو حاجت
نہیں وہ واجب ہے۔ اور تحقیق ہم نے ادراک کیا
ہے اپنے ذوق سے کہ وہ ضمیمہ وہی وجود منبسط
علی ہیا کل الموجودات ہے اور وہ ایک شی قائم
بذاتہ اور مقوم لغیرہ ہے۔ اور نہیں ہے متعین
بنفسہ خاص کسی نوع سے اُن آثار سے، جو لوگوں
کو معلوم ہے مگر اسکے تنزلات ہیں علمی اور عینی تو وہ تنزلات
